آسان صرف

حصہ سوم

از

حضرت مولانا سعید احمد صاحب پالن پوری
شیخ الحدیث وصدر المدرسین دار العلوم، دیوبند

مکتبہ حجاز
دیوبند یوپی الهند

بسم اللہ الرحمن الرحیم

آسان صرف

حصہ سوم

از

حضرت مولانا سعید احمد صاحب پالن پوری
استاذ دار العلوم دیوبند

ناشر
مکتبہ حجاز دیوبند

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اساتذہ سے گذارش

یہ آسان صرف کا تیسرا حصہ ہے، اس میں ہفت اقسام کی گردانیں ہیں، اور تعلیلات حاشیہ میں ہیں، یہ حصہ بھی سال اول میں پڑھانے کے لئے ہے، اور بچے ابھی ہفت اقسام کی تصریفات کے ساتھ تعلیلات کا بوجھ برداشت نہیں کر سکتے، اس لئے اگر وہ اس حصہ میں گردانیں یاد کرلیں اور کچھ نہ کچھ قواعد تعلیل سے بھی واقف ہو جائیں تو سال دوم میں وہ تعلیلات آسانی سے کرلیں گے۔ اس حصہ میں پڑھانے کا مواد صرف پچاس صفحات ہے، اس لئے سال اول میں یہ حصہ آسانی سے پڑھایا جاسکتا ہے۔

اس حصہ میں پہلے: حصہ دوم کا خلاصہ کیا ہے، پھر ہفت اقسام کی گردانیں دی ہیں اور کچھ قواعد تعلیل ہیں، اور تعلیلات حواشی میں اساتذہ کے لئے ہیں، ان میں سے جو باتیں اساتذہ بچوں کو بتانا مفید سمجھیں: بتا سکتے ہیں۔

علم صرف کا خلاصہ تین مضامین ہیں: تصریفات، تعلیلات اور خاصیات، اور دقت کے اعتبار سے ترتیب بھی یہی ہے، آسان ترصحیح کی گردانیں ہیں، ان سے مشکل ہفت اقسام کی گردانیں ہیں، ان سے مشکل ہفت اقسام میں تبدیلی کے قواعد اور ان کا اجراء یعنی تعلیلات ہیں، اور اس سے بھی مشکل خاصیات کا علم ہے، اور اہمیت کے اعتبار سے ترتیب برعکس ہے، اور تعلیم میں تدریج ضروری ہے، چنانچہ آسان صرف کے تینوں حصے مل کر پہلی غرض پوری کرتے ہیں، جو سب سے اہم ہے، باقی دو مضامین (تعلیلات اور خاصیات) بچے سال دوم میں پڑھیں گے۔ اللہ تعالیٰ بچوں کے لئے فن صرف آسان فرمائیں، اور ان کو مستقبل کے ''روشن تارے'' بنائیں۔ وما ذلک علی اللہ بعزیز۔

سعید احمد عفا اللہ عنہ پالن پوری

۱۵ر محرم الحرام ۱۴۳۰ھ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ، وسلامٌ علی عبادہ الذین اصطفٰی.

علم صرف: وہ علم ہے جس کے ذریعہ عربی الفاظ کے اوزان کا، افعال وغیرہ بنانے کا، ہفت اقسام کے صرفی حالات اور ابواب کی خاصیات کا علم ہوتا ہے۔

علم صرف کا موضوع: وہ الفاظ ہیں جن میں مختلف معنی پیدا کرنے کی غرض سے مختلف تبدیلیاں کی جاتی ہیں[1] یا ان الفاظ کے صرفی حالات سے بحث کی جاتی ہے[2]

علم صرف کا فائدہ: عربی الفاظ میں غلطی سے بچنا، اور صیغوں کا صحیح تلفظ کرنا ہے۔

فعل معروف: وہ فعل ہے جس کی نسبت فاعل کی طرف کی گئی ہو، جیسے اَکَلَ خالد.

فعل مجہول: وہ فعل ہے جس کی نسبت مفعول کی طرف کی گئی ہو، جیسے اُکِلَ الخُبزُ: روٹی کھائی گئی۔

ماضی مجہول بنانے کا قاعدہ: ماضی معروف کے پہلے صیغہ کے آخری حرف کو اس کے حال پر چھوڑ دو، اور آخر سے پہلے والے حرف کو زیر دو، اگر اس پر زیر نہ ہو، اور باقی جو بھی متحرک حرف ہو اس کو پیش دو، جیسے اَکَلَ سے اُکِلَ، اِجْتَنَبَ سے اُجْتُنِبَ۔

مضارع مجہول بنانے کا قاعدہ: علامتِ مضارع کو پیش دو، اگر اس پر پیش نہ

---

(۱) جیسے مصدر ضَرْبٌ سے: فعل ماضی: ضَرَبَ، فعل مضارع: یَضْرِبُ، فعل امر: اِضْرِبْ، فعل نہی: لَاتَضْرِبْ، اسم فاعل: ضَارِبٌ، اور اسم مفعول: مَضْرُوْبٌ وغیرہ اور ان کے تمام صیغے بنائے جاتے ہیں۔

(۲) صرفی حالات: جیسے الفاظ کا صحیح یا معتل وغیرہ ہونا، یا ان کے حروف کا اصلی یا زائد ہونا وغیرہ۔

ہو، اور آخر سے پہلے والے حرف کو زبر دو، اگر اس پر زبر نہ ہو، اور باقی حروف کو ان کے حال پر چھوڑ دو، جیسے یَکْتُبُ سے یُکْتَبُ، یَسْمَعُ سے یُسْمَعُ، یُکْرِمُ سے یُکْرَمُ، یَجْتَنِبُ سے یُجْتَنَبُ۔

فائدہ: مضارع مثبت معروف کے مشتقات: تیرہ ہیں: ۱- مضارع منفی معروف (لَایَفْعَلُ) ۲- مضارع مثبت مجہول (یُفْعَلُ) ۳- مضارع منفی مجہول (لَایُفْعَلُ) ۴- نفی تاکید بہ لن معروف (لن یَّفْعَلَ) ۵- نفی تاکید بہ لن مجہول (لن یُّفْعَلَ) ۶- نفی جحد بہ لم معروف (لم یَفْعَلْ) ۷- نفی جحد بہ لم مجہول (لم یُفْعَلْ) ۸- لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ معروف (لَیَفْعَلَنَّ) ۹- لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ مجہول (لَیُفْعَلَنَّ) ۱۰- لام تاکید با نون تاکید خفیفہ معروف (لَیَفْعَلَنْ) ۱۱- لام تاکید با نون تاکید خفیفہ مجہول (لَیُفْعَلَنْ) ۱۲- فعل امر: (اِفْعَلْ، لِیَفْعَلْ، لِیُفْعَلْ، لِیَفْعَلَنَّ وغیرہ) ۱۳- فعل نہی، (لَایَفْعَلْ، لَایُفْعَلْ، لَایَفْعَلَنَّ وغیرہ)

امر: وہ فعل ہے جس کے ذریعہ کسی کام کے کرنے کا حکم دیا جائے، جیسے اِجْلِسْ.

نہی: وہ فعل ہے جس کے ذریعہ کسی کام سے روکا جائے، جیسے لَاتَجْلِسْ (مت بیٹھ)

اصلی امر: امر حاضر معروف ہے، باقی برائے نام امر ہیں، اسی طرح اصلی نہی: نہی حاضر معروف ہے۔

امر حاضر معروف بنانے کا طریقہ: مضارع واحد مذکر حاضر سے علامتِ مضارع حذف کریں، پھر دیکھیں: اگر پہلا حرف متحرک ہو تو کچھ نہ بڑھائیں، جیسے تَعِدُ سے عِدْ۔ اور اگر پہلا حرف ساکن ہو تو عین کلمہ کی حرکت دیکھیں: اگر وہ مفتوح یا مکسور ہو تو شروع میں ہمزۂ وصل مکسو[illegible]ئیں، جیسے تَسْمَعُ سے اِسْمَعْ اور تَضْرِبُ سے اِضْرِبْ۔ اور اگر عین کلمہ مضمو[illegible]وصل مضموم بڑھائیں، جیسے تَنْصُرُ سے اُنْصُرْ...... اور آخر میں اگر حرفِ علت نہ ہو تو ساکن کر دیں، اور حرف علت ہو تو اس کو گرا دیں، جیسے تَدْعُوْ سے اُدْعُ وغیرہ۔

امر حاضر معروف بانون تاکید ثقیلہ وخفیفہ: امر کے معنی میں تاکید پیدا کرنے کے لئے مضارع کی طرح امر کے آخر میں بھی نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ بڑھاتے ہیں، مگر شروع میں لام تاکید مفتوح نہیں بڑھاتے، جیسے اِفْعَلَنَّ اور اِفْعَلَنْ۔

امر حاضر مجہول اور امر غائب ومتکلم: معروف ومجہول: بنانے کا قاعدہ یہ ہے کہ مضارع کے شروع میں لام امر مکسور بڑھائیں، اور آخر میں حرفِ علت ہو تو اس کو گرادیں، ورنہ آخری حرف کو ساکن کردیں، اور نون اعرابی بھی گرادیں، البتہ نونِ جمع مؤنث (نونِ فاعلی) باقی رکھیں۔

فعل نہی بنانے کا طریقہ: مضارع کے شروع میں لائے نہی لگائیں، اور آخر میں حرفِ علت ہو تو اس کو گرادیں، ورنہ آخر کو ساکن کردیں، اور نونِ اعرابی کو بھی حذف کردیں، البتہ نونِ فاعلی باقی رکھیں۔

فعل نہی بانون تاکید ثقیلہ وخفیفہ: معروف ومجہول: نہی کے معنی میں تاکید پیدا کرنے کے لئے فعل امر کی طرح فعل نہی کے آخر میں بھی نونِ تاکید ثقیلہ وخفیفہ لگاتے ہیں، مگر شروع میں لام تاکید نہیں لگاتے۔

اسم فاعل: وہ اسم مشتق ہے جو اس ذات کو بتاتا ہے جس سے کوئی کام صادر ہوا ہے یا جس کے ساتھ کوئی کام قائم ہے، جیسے ضَارِبٌ اور جَالِسٌ۔

اسم فاعل کے اوزان: ۱- ثلاثی مجرد کے اکثر ابواب سے اسم فاعل: فَاعِلٌ کے وزن پر آتا ہے۔ ۲- باب کرم سے اور کبھی باب سمع سے بھی اسم فاعل فَعِیْلٌ کے وزن پر آتا ہے، جیسے کَرِیْمٌ، شَرِیْفٌ، سَعِیْدٌ۔ ۳- ثلاثی مزید فیہ اور رباعی کے تمام ابواب سے: اسم فاعل اسی باب کے مضارع معروف سے بنتا ہے: اس طرح کہ علامتِ مضارع کو حذف کردیں، اور اس کی جگہ میم مضموم لگائیں، اور آخر سے پہلے والے حرف کو کسرہ دیں، اگر اس پر کسرہ نہ ہو، اور لام کلمہ کو تنوین دیں، جیسے یَجْتَنِبُ سے مُجْتَنِبٌ۔

اسم مفعول: وہ اسم مشتق ہے جو اس ذات کو بتاتا ہے جس پر کام واقع ہوا ہے،

جیسے مَضْرُوْبٌ: پیٹا ہوا۔

اسم مفعول کے اوزان: ۱- ثلاثی مجرد کے ہر متعدی فعل سے اسم مفعول: مَفْعُوْلٌ کے وزن پر آتا ہے ۲- ثلاثی مزید فیہ اور رباعی کے ہر متعدی فعل سے اسم مفعول اسی باب کے مضارع مجہول سے بنتا ہے: اس طرح کہ علامتِ مضارع کو حذف کر دیں، اور اس کی جگہ میم مضموم لگائیں، اور آخر سے پہلے والے حرف کو فتحہ دیں، اگر اس پر فتحہ نہ ہو، اور لام کلمہ کو تنوین دیں، جیسے یُجْتَنَبُ سے مُجْتَنَبٌ۔

اسم ظرف: وہ اسم مشتق ہے جو کسی کام کی جگہ یا وقت بتاتا ہے، جیسے مَکْتَبٌ: لکھنے کی جگہ۔

اسم ظرف کے اوزان: ثلاثی مجرد سے اسم ظرف دو وزنوں پر آتا ہے: مَفْعَلٌ کے وزن پر، اگر مضارع کا عین کلمہ مضموم یا مفتوح ہو۔ اور مَفْعِلٌ کے وزن پر، اگر مضارع کا عین کلمہ مکسور ہو...... مگر مثال سے ہمیشہ مکسور العین اور ناقص سے ہمیشہ مفتوح العین آتا ہے[1] اور ثلاثی مجرد کے علاوہ دیگر ابواب سے اسم ظرف اور اسم مفعول کا وزن ایک ہے۔

اسم آلہ: وہ اسم مشتق ہے جو کام کرنے کے آلے اور اوزار کو بتاتا ہے، جیسے مِبْرَدٌ (ریتی) مِکْنَسَةٌ (جھاڑو) مِفْتَاحٌ (چابی)

اسم آلہ کے اوزان: ثلاثی مجرد متعدی سے اسم آلہ کے تین وزن ہیں: مِفْعَلٌ، مِفْعَلَةٌ اور مِفْعَالٌ، اور ثلاثی مجرد کے علاوہ ابواب سے اسم آلہ نہیں آتا، اگر اسم آلہ کے معنی ادا کرنے ہوں تو اس باب کے مصدر کے شروع میں مَابِہٖ لگاتے ہیں۔

اسم تفضیل: وہ اسم مشتق ہے جو دوسرے کی بہ نسبت معنی مصدری (معنی فاعلی) کی زیادتی بتاتا ہے، جیسے اَکْبَرُ: دوسرے سے بڑا۔

اسم تفضیل کے اوزان: اسم تفضیل: صرف ثلاثی مجرد سے بنتا ہے، جبکہ اس میں

(۱) مثال: وہ فعل ہے جس کا فاء کلمہ حرف علت ہے، اور ناقص: وہ فعل ہے جس کا لام کلمہ حرفِ علت ہے۔

رنگ، عیب اور حلیہ کے معنی نہ ہوں، اور اسم تفضیل واحد مذکر کا وزن اَفْعَلُ، اور واحد مؤنث کا وزن فُعْلٰی ہے، اور مذکر کی جمع مکسّر اَفَاعِلُ، اور مؤنث کی جمع مکسر: فُعَلٌ کے وزن پر آتی ہے...... اور جن ابواب سے اسم تفضیل نہیں آتا: ان سے اسم تفضیل کے معنی ادا کرنے ہوں تو اَشَدُّ، اَزْیَدُ اور اَکْبَرُ وغیرہ لگا کر اس باب کا مصدر منصوب لاتے ہیں، جیسے اَکْثَرُ حُمْرَةً (زیادہ سرخ)

ابواب کا بیان

ماضی اور مضارع کے عین کلمہ کی حرکت کے اختلاف سے، اور ماضی و مضارع کو ملانے سے مختلف صورتیں بنتی ہیں، ان کو باب کہتے ہیں، اور فعل دو طرح کا ہوتا ہے: ثلاثی اور رباعی (فعل خماسی نہیں ہوتا) پھر ہر ایک کی دو دو قسمیں ہیں: مجرد اور مزید فیہ، پس کل چار قسمیں ہوئیں:

۱- ثلاثی مجرد: جس کی ماضی کے پہلے صیغہ میں تین حروفِ اصلی کے علاوہ کوئی زائد حرف نہ ہو، جیسے نَصَرَ۔

۲- ثلاثی مزید فیہ: جس کی ماضی کے پہلے صیغہ میں تین حروفِ اصلی کے علاوہ کوئی زائد حرف بھی ہو، جیسے اَخْرَجَ (نکالا)

۳- رباعی مجرد: جس کی ماضی کے پہلے صیغہ میں چار حروف اصلی کے علاوہ کوئی زائد حرف نہ ہو، جیسے دَحْرَجَ: لڑھکایا۔

۴- رباعی مزید فیہ: جس کی ماضی کے پہلے صیغہ میں چار حروفِ اصلی کے علاوہ کوئی زائد حرف بھی ہو، جیسے تَدَحْرَجَ: لڑھکا۔

پھر ثلاثی مجرد کی دو قسمیں ہیں: مُطّرِد اور شاذ:

۱- مطرد: وہ ابواب ہیں جن کا استعمال زیادہ ہوتا ہے، یہ پانچ ابواب ہیں: نَصَرَ یَنْصُرُ، ضَرَبَ یَضْرِبُ، سَمِعَ یَسْمَعُ، فَتَحَ یَفْتَحُ اور کَرُمَ یَکْرُمُ۔

۲-شاذ: وہ ابواب ہیں جن کا استعمال کم ہوتا ہے۔ یہ تین باب ہیں: حَسِبَ یَحْسِبُ، فَضِلَ یَفْضُلُ اور کَادَ یَكَادُ (بروزن فَعِلَ یَفْعَلُ[1])

اسی طرح ثلاثی مزید فیہ کی بھی دو قسمیں ہیں: غیر ملحق بر باعی اور ملحق بر باعی:

غیر ملحق بر باعی کے چودہ باب ہیں: نو باہمزۂ وصل کے اور پانچ بے ہمزۂ وصل کے:

باہمزۂ وصل کے نو باب یہ ہیں:

اِجْتِنَابَ است ودیگر اِسْتِنْصَارْ ❁ اِنْفِطَارُ و اِحْمِرَارُ و اِحْمِیْرَارْ

باز اِخْشِیْشَانُ است و اِجْلِوَّاذْ ❁ در آخر اِثَّاقُلْ و اِطَّهُّرْ از بر دار

اور بے ہمزۂ وصل کے پانچ باب یہ ہیں:

اِكْرَامْ، تَكْرِیمْ، تَقَبُّلْ نام ❁ مُقَاتَلَه و تَقَابُلْ شد تمام

اور رباعی مجرد کا صرف ایک باب دَحْرَجَةٌ (بروزن فَعْلَلَةٌ) ہے۔ اور رباعی مزید فیہ بے ہمزۂ وصل کا ایک باب: تَفَعْلُلٌ ہے، جیسے تَسَرْبُلٌ: کرتا پہننا، اور باہمزۂ وصل کے دو باب ہیں: اِحْرِنْجَامٌ (جمع ہونا) بروزن اِفْعِنْلَالٌ اور اِقْشِعْرَارٌ (رونگٹے کھڑے ہونا) بروزن اِفْعِلَّالٌ۔

اور رباعی مزید فیہ بے ہمزۂ وصل کا ایک باب ہے: تَدَحْرُجٌ: بروزن تَفَعْلُلٌ۔
اور ثلاثی مزید فیہ ملحق برباعی مجرد کے سات باب ہیں:

جَلْبَبَ، قَلْنَسَ پس جَوْرَبَ داں ❁ سَرْوَلَ، خَیْعَلَ پس شَرْیَفَ خواں
ہفتمیں باب قَلْسَاتَ است بے گماں

اور ثلاثی مزید فیہ ملحق بہ تَدَحْرَجَ کے آٹھ باب ہیں:

اَلتَّجَلْبُبْ، دگر تَقَلْنُسْ خواں ❁ پس تَمَسْكُنْ، دیگر تَعَفْرُتْ داں
پس تَجَوْرُبْ ہم از تَسَرْوُلْ گو ❁ پس تَخَیْعُلْ، تَقَلْسِ اے خوش خو

اور ثلاثی مزید فیہ ملحق بہ اِحْرَنْجَمَ کے دو باب ہیں: اِقْعِنْسَاسٌ (سینہ نکلنا اور

(۱) کاد: اجوف واوی ہے، اصل میں كَوِدَ تھا، اور یَكَادُ: یَكْوِدُ تھا۔

پیٹھ دھنسا) بروزن اِفعِنلَال ۔ اور اِسلِنقَاءٌ (چت لیٹنا) بروزن اِفعِنلَاءٌ۔

وزن اور موزون: وزن کے معنی ہیں: تولنا، اور موزون کے معنی ہیں: تولی ہوئی چیز۔ صرفیوں نے کلمہ کو تولنے کے لئے ف، ع، ل کو پیمانہ مقرر کیا ہے، جو وزن کہلاتا ہے، اور مادّہ کا جو حرف ف کے مقابل ہوتا ہے: اس کو فا کلمہ، اور جو ع کے مقابل ہوتا ہے: اس کو عینِ کلمہ، اور جو ل کے مقابل ہوتا ہے: اس کو لام کلمہ کہتے ہیں، اور جو کلمہ تولا جاتا ہے: اس کو موزون کہتے ہیں، جیسے ضَرَبَ کا وزن فَعَلَ ہے، پس ضَرَبَ موزون ہے، اور فَعَلَ وزن ہے۔

مادّہ: لفظ کے وہ بنیادی حروف ہیں: جن سے کلمہ بنتا ہے، اور جو کلمہ کی تمام گردانوں میں برقرار رہتے ہیں۔ انہیں ''حروفِ اصلیہ'' بھی کہتے ہیں۔ یہ حروف: وزن کرنے میں ف، ع اور ل کے مقابل واقع ہوتے ہیں۔

حروفِ زائدہ: کلمہ کے وہ حروف ہیں جو وزن کرنے میں ف، ع اور ل کے مقابل واقع نہیں ہوتے۔ جیسے اِستَنصَرَ (اس نے مدد طلب کی) اِستَفعَلَ کے وزن پر ہے، پس ن، ص، ر تو اصلی حروف ہیں، اور ا، س، ت زائد حروف ہیں، اور ن، ص، ر مادّہ ہیں: ن: فا کلمہ، ص: عین کلمہ، اور ر: لام کلمہ ہے۔

حروف علت: تین ہیں: واو، الف، یاء، جن کا مجموعہ وَائی ہے[1]، یہ حروف: ضمہ، فتحہ اور کسرہ کو کھینچنے سے پیدا ہوتے ہیں[2]، اس لئے واو کو اختِ ضمہ (پیش کی بہن) اور الف کو اختِ فتحہ اور یاء کو اختِ کسرہ کہتے ہیں..... حروفِ علت میں سب سے زیادہ ثقیل واو ہے، پھر یاء، پھر الف۔

الف اور ہمزہ میں فرق: الف: ہمیشہ ساکن ہوتا ہے، اور جھٹکے کے بغیر سہولت

(۱) علت کے معنی بیماری کے ہیں، اور بیمار چونکہ ''ہائے وائے'' کرتا ہے، اس لئے ان حروف کو ''حروفِ علت'' کہتے ہیں۔

(۲) ضمہ کو کھینچنے سے واو، فتحہ کو کھینچنے سے الف، اور کسرہ کو کھینچنے سے یاء پیدا ہوتی ہے۔

کے ساتھ ادا ہوتا ہے، جیسے: مَا اور لَا کا الف...... اور ہمزہ: متحرک ہوتا ہے، اور اگر ساکن ہو تو جھٹکے کے ساتھ ادا ہوتا ہے، جیسے قَرَأَ اور رَأْسٌ۔

حروفِ مدّہ: جب حروفِ علت ساکن ہوں، اور ان کے ماقبل کی حرکت ان کے موافق ہو، یعنی واو سے پہلے ضمہ ہو، الف سے پہلے فتحہ ہو، اور یاء سے پہلے کسرہ ہو، تو ان کو حروفِ مدّہ کہتے ہیں، جیسے: قَالَ، يَقُوْلُ اور يَبِيْعُ۔

حروفِ لین: جب حروفِ علت ساکن ہوں، اور ان کے ماقبل کی حرکت ان کے مخالف ہو، تو ان کو حروفِ لین کہتے ہیں، جیسے قَوْلٌ اور بَيْعٌ (۱)

مصدر معروف ومجہول: عربی میں مصدر معروف ومجہول میں کچھ فرق نہیں ہوتا، صرف صغیر میں نَصَرَ يَنْصُرُ کے بعد جو نَصْرًا آتا ہے: وہ مصدر معروف ہوتا ہے، اس کا ترجمہ ہے: مدد کرنا، اور نُصِرَ يُنْصَرُ کے بعد جو نَصْرًا آتا ہے، وہ مصدر مجہول ہوتا ہے، اس کا ترجمہ ہے: مدد کیا جانا۔

فائدہ: یہ بات کہ کونسا فعل کس باب سے ہے؟ اس کے لئے ثلاثی مجرد میں کوئی قاعدہ نہیں، یہ چیز سماعی (اہل زبان سے سننے پر موقوف) ہے، لغت کی کتابوں ہی سے یہ بات معلوم ہوسکتی ہے، اور باب یاد رکھنے کا طریقہ یہ ہے کہ ماضی مضارع اور مصدر کو ملا کر صحیح اعراب کے ساتھ رٹا جائے۔

---

(۱) الف سے پہلے ہمیشہ فتحہ ہوتا ہے، اس لئے وہ حرفِ لین نہیں ہوتا...... اور اگر حروفِ علت: کلمہ کے شروع میں ہوں تو ان کو نہ مدہ کہتے ہیں نہ لین، اس صورت میں ان کو صرف حرفِ علت کہتے ہیں، جیسے وَعَدَ اور يَسَرَ...... اور مدّہ کہنے کی وجہ یہ ہے کہ مدّ کے معنی ہیں: کھینچنا، لمبا کرنا، اور یہ حروف چونکہ حرکت کو کھینچنے سے پیدا ہوتے ہیں: اس لئے ان کو مدّہ کہتے ہیں...... اور لین کے معنی ہیں: نرمی، اور یہ حروف: سکون کی حالت میں اور ماقبل کی حرکت مخالف ہونے کی حالت میں نرمی سے ادا ہوتے ہیں، اس لئے وہ حروفِ لین کہلاتے ہیں۔

ہفت اقسام کا بیان

اسماء وافعال کی حروفِ اصلی کی نوعیت کے اعتبار سے چار قسمیں ہیں: صحیح، مہموز، معتل اور مضاعف۔

۱- صحیح: وہ کلمہ ہے جس کے حروفِ اصلی (مادّے) میں ہمزہ، حرفِ علت، اور دو حرف ایک جنس کے نہ ہوں۔ جیسے: نَصَرَ، بَعْثَرَ، رَجُلٌ، جَعْفَرٌ، سَفَرْجَلٌ (بہی، سیب جیسا ایک پھل)

۲- مہموز: وہ کلمہ ہے جس کے حروفِ اصلی میں ہمزہ ہو۔ پھر مہموز کی تین قسمیں ہیں: مہموز الفاء، مہموز العین، اور مہموز اللام:

(الف) مہموز الفاء: وہ کلمہ ہے جس کے فاء کلمہ میں ہمزہ ہو، جیسے: أَمَرَ (حکم کیا) اور أَمْرٌ (کام، فرمان)

(ب) مہموز العین: وہ کلمہ ہے جس کے عین کلمہ میں ہمزہ ہو، جیسے: سَأَلَ اور سُؤَالٌ۔

(ج) مہموز اللام: وہ کلمہ ہے جس کے لام کلمہ میں ہمزہ ہو، جیسے قَرَأَ اور قِرَاءَةٌ۔

معتل: وہ لفظ ہے جس کے حروفِ اصلی میں حرفِ علت ہو...... پھر معتل کی دو قسمیں ہیں: معتل یک حرفی، اور معتل دو حرفی۔ اول کو معتلِ مفرد اور صرف معتل کہتے ہیں، اور ثانی کو لفیف کہتے ہیں...... پھر معتلِ یک حرفی کی تین قسمیں ہیں: معتلِ فاء، اس کو مثال کہتے ہیں، اور معتلِ عین، اس کو اجوف کہتے ہیں، اور معتلِ لام، اس کو ناقص کہتے ہیں۔

اور معتل دو حرفی یعنی لفیف کی دو قسمیں ہیں: لفیف مفروق اور لفیف مقرون:

۳- مثال: وہ معتل ہے جس کے فاء کلمہ میں حرفِ علت ہو، جیسے وَعَدَ اور یَسَرَ (نرم ہوا) پھر اگر حرفِ علت واو ہو تو اس کو "مثالِ واوی" اور یاء ہو تو اس کو "مثالِ یائی" کہتے ہیں (فاء کلمہ کی جگہ الف نہیں ہوتا، کیونکہ ساکن سے ابتدا نہیں ہوسکتی)

۴-اجوف: وہ معتل ہے جس کے عین کلمہ میں حرفِ علت ہو، جیسے قَوْلٌ اور لَیْلٌ، پھر اگر حرف علت واو ہو تو اس کو "اجوف واوی" اور یاء ہو تو اس کو "اجوف یائی" کہتے ہیں (اور عین کلمہ کی جگہ بھی الف: اصلی نہیں ہوتا، واو یا یاء سے بدلا ہوا ہوتا ہے، جیسے قَالَ اور بَاعَ[1])

۵-ناقص: وہ معتل ہے جس کے لام کلمہ میں حرفِ علت ہو، جیسے عَفْوٌ (درگذر کرنا) اور رَمْیٌ (تیر پھینکنا) پھر اگر حرفِ علت واو ہو تو اس کو "ناقص واوی" اور یاء ہو تو اس کو "ناقص یائی" کہتے ہیں (اور لام کلمہ کی جگہ بھی الف اصلی نہیں ہوتا، واو یا یاء سے بدلا ہوا ہوتا ہے، جیسے عَفَا (درگذر کیا) اور رَمیٰ (تیر پھینکا)[2]

۶-اور لفیف کی دو قسمیں ہیں: لفیفِ مفروق اور لفیف مقرون:

(الف) لفیفِ مفروق: وہ معتل بدو حرف ہے جس میں دونوں حرفِ علت علاحدہ علاحدہ ہوں، جیسے وَحْیٌ۔

(ب) لفیفِ مقرون: وہ معتل بدو حرف ہے جس میں دونوں حرفِ علت ملے ہوئے ہوں، جیسے یَوْمٌ اور طَویٰ (لپیٹا)

۷-مضاعف: وہ کلمہ ہے جس میں دو حرف ایک جنس کے ہوں...... پھر مضاعف کی دو قسمیں ہیں: مضاعف ثلاثی اور مضاعف رباعی:

(الف) مضاعف ثلاثی: وہ مضاعف ہے جس میں ایک حرف مکرر ہو، جیسے مَدٌّ (اصل میں مَدْدٌ) اور سَبَبٌ۔

(ب) مضاعف رباعی: وہ مضاعف ہے جس میں دو حرف مکرر ہوں، جیسے زَلْزَلَ (ہلا ڈالا) اور ذَبْذَبَ (ہلا)

---

(۱) قَالَ اصل میں قَوَلَ تھا، اور بَاعَ اصل [illegible] تھا، واو یاء متحرک ماقبل مفتوح تھا، اس لئے دونوں کو الف سے بدلا۔

(۲) عَفَا: اصل میں عَفَوَ، اور رَمیٰ: اصل میں رَمَیَ تھا۔

پس کل قسمیں چودہ ہوئیں[1] اگرچہ بنیادی قسمیں چار ہیں[2]، مگر صرفیوں نے ابحاث کی زیادتی کی وجہ سے معتل کی چاروں قسموں (مثال، اجوف، ناقص اور لفیف) کو مستقل شمار کیا ہے، اس لئے بنیادی قسمیں سات ہوئیں، جن کو "ہفت اقسام" کہتے ہیں، جو اس شعر میں جمع ہیں:

صحیح است ومثال است ومضاعف ❁ لفیف و ناقص و مہموز و اجوف

تصریفات (گردانیں)

صحیح کی گردانیں حصہ اول میں آچکی ہیں، باقی اقسام کی گردانیں یہاں دی جاتی ہیں:۔

مہموز کا بیان

مہموز کی گردانوں میں تبدیلی بہت کم ہوتی ہے، اور جو ہوتی ہے: وہ درج ذیل قاعدوں پر مبنی ہے:

قاعدہ: کلمہ میں ہمزہ یا تو ایک ہوگا یا دو۔ پہلی صورت میں تخفیف جائز ہے، اور دوسری صورت میں واجب۔

قاعدہ: اگر کلمہ میں ایک ہمزہ ہو، اور وہ ساکن ہو، اور اس کا ماقبل متحرک ہو، تو اس کو ماقبل کی حرکت کے موافق حرفِ علت سے بدلنا جائز ہے، جیسے رَأْسٌ سے رَاسٌ (سر) بُؤْسٌ سے بُوْسٌ (خستہ حالی) اور ذِئْبٌ سے ذِیْبٌ (بھیڑیا)

قاعدہ: اور اگر کلمہ میں دو ہمزہ ہوں، اور پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہو تو دوسرے

---

(۱) ۱- صحیح ۲- مہموز الفاء ۳- مہموز العین ۴- مہموز اللام ۵- مثال واوی ۶- مثال یائی ۷- اجوف واوی ۸- اجوف یائی ۹- ناقص واوی ۱۰- ناقص یائی ۱۱- لفیف مفروق ۱۲- لفیف مقرون ۱۳- مضاعف ثلاثی ۱۴- مضاعف رباعی۔

(۲) ۱- صحیح، ۲- مہموز، ۳- معتل، ۴- مضاعف۔

ہمزہ کو، پہلے ہمزہ کی حرکت کے موافق حرفِ علت سے بدلنا واجب ہے، جیسے اَءْمَنَ سے آمَنَ، اُءْمِنَ سے اُوْمِنَ، اور اِءْمَانًا سے اِیْمَانًا۔

فائدہ: کُلْ (کھا) خُذْ (لے) اور مُرْ (حکم دے) اس قاعدہ سے مستثنیٰ ہیں، ان کلمات میں خلافِ قیاس دونوں ہمزہ حذف کئے گئے ہیں۔

قاعدہ: اور اگر دونوں ہمزہ متحرک ہوں، اور ان میں سے کوئی بھی ایک مکسور ہو، تو دوسرے ہمزہ کو یاء سے بدلنا واجب ہے، جیسے جَاءٍ اور اَیِمَّةٌ (۱)

قاعدہ: اور اگر دونوں ہمزہ متحرک ہوں، اور کوئی بھی مکسور نہ ہو، تو دوسرے ہمزہ کو واو سے بدلنا واجب ہے، جیسے اَءَادِمُ سے اَوَادِمُ (آدم کی جمع) اور اُءَمِّلُ سے اُوَمِّلُ (میں امید رکھتا ہوں)

فائدہ: اُکْرِمُ مضارع صیغہ واحد متکلم از باب افعال اصل میں اُءَکْرِمُ تھا، خلافِ قیاس دوسرے ہمزہ کو حذف کیا، پھر باقی صیغوں سے اس کی موافقت میں ہمزہ کو حذف کیا۔

گردان مہموز الفاء: از باب نصر: اَلْأَمْرُ: حکم دینا

اَمَرَ، یَاْمُرُ (۲)، اَمْرًا، فھو آمِرٌ () اُمِرَ، یُؤْمَرُ، اَمْرًا، فھو مَاْمُوْرٌ () الامر منہ:

(۱) جَاءٍ: اسم فاعل: اصل میں جَایِءٌ تھا، (اس کا فعل جَاءَ: مہموز اللام واجوف یائی ہے) یاء: الف زائدہ (اسم فاعل کے الف) کے بعد واقع ہوئی، اس لئے اس کو ہمزہ سے بدل دیا، جَاءِءٌ ہوا، پھر کتاب میں مذکور قاعدے سے دوسرے ہمزہ کو یاء سے بدلا تو جَاءِیٌ ہوا، پھر ضمہ: یاء پر بھاری تھا اس لئے یاء کو ساکن کر دیا، پس دو ساکن (یاء اور تنوین) جمع ہوئے اس لئے یاء کو گرا دیا، اور تنوین ہمزہ کو دیدی: جَاءٍ (آنے والا، اسم فاعل) ہو گیا...... اور اَیِمَّةٌ: اصل میں اَئِمَّةٌ تھا، قاعدہ مذکورہ سے ہمزہ کو یاء سے بدلا: اَیِمَّةٌ (جمع اِمَام: پیشوا) ہوا (اَئِمَّة میں یہ قاعدہ جوازی ہے، کیونکہ سورۃ التوبہ آیت ۱۲ میں اَئِمَّةٌ (ہمزہ کے ساتھ) آیا ہے)

(۲) مضارع معروف ومجہول، اسم مفعول، فعل نہی، اسم ظرف اور اسم آلہ میں ہمزہ کو ماقبل کی حرکت کے موافق حرفِ علت سے بدل کر یَامُرُ، یُوْمَرُ، مَامُوْرٌ، لَاتَامُرْ، مَامَرٌ اور مِیْمَرٌ پڑھنا جائز ہے۔

مُرْ [۱]، والنهی عنه: لَا تَأْمُرْ، الظرف منه: مَأْمَرٌ، والآلة منه: مِئْمَرٌ، ومِئْمَرَةٌ، ومِئْمَارٌ، اسم التفضیل منه: آمَرُ [۲]، والمؤنث منه: أُمْرٰی۔

اس باب کی صرف کبیر: صحیح کی طرح ہے۔

تمرین

۱- اَسَرَ، یَأْسِرُ اَسْرًا (قید کرنا) باب ضرب سے گردان کریں (امر: اِیْسِرْ، نہی لَاتَأْسِرْ)......۲- اَذِنَ، یَأْذَنُ، اِذْنًا (اجازت دینا) باب سمع سے گردان کریں (امر: اِیْذَنْ)......۳- اَمُنَ، یَأْمُنُ، اَمَانَةً (امانت دار ہونا) باب کرم سے گردان کریں (امر: اُوْمُنْ)

گردان مہموز الفاء: از باب اِفْعَال: الإِیْمان: یقین کرنا

آمَنَ [۳]، یُؤْمِنُ [۴]، اِیْمَانًا [۵]، فهو مُؤْمِنٌ () اُوْمِنَ، یُؤْمَنُ، اِیْمَانًا، فهو مُؤْمَنٌ

(۱) مُرْ میں خلاف قیاس دونوں ہمزہ حذف کئے گئے ہیں......اَمَرَ اور سَأَلَ کے فعل امر سے: جب وہ ابتدائے کلام میں واقع ہو: ہمزہ حذف کردیتے ہیں، جیسے مُرُوْا أولادَكم بالصلاة، وهم أبناء سبع سِنِیْنَ (حدیث) ﴿سَلْ بَنِیْ اِسْرَآئِیْلَ﴾ اور اگر درمیان کلام میں آئے تو حذف کرنا اور باقی رکھنا: دونوں جائز ہیں، جیسے قیل له: مُرِ ابْنَك بالصلاة اور قیل له: سَلْ تُعْطَهْ یا قیل لهٗ: اؤْمُرِ ابْنَك بالصلاة اور قیل لهٗ: اسْأَلْ تُعْطَهْ (۲) اسم تفضیل آمَرُ میں دوسرے ہمزہ کو حرف علت سے بدلنا واجب ہے، (۳) آمَنَ: اصل میں اَءْ مَنَ تھا، دو ہمزہ اکٹھا ہوئے، پہلا متحرک دوسرا ساکن، اس لئے دوسرے ہمزہ کو پہلے ہمزہ کی حرکت کے موافق حرفِ علت الف سے بدل دیا (امر میں بھی یہی تعلیل ہوگی) (۴) یُؤْمِنُ: اصل میں یُؤْمِنُ تھا، ہمزہ ساکن: ماقبل مضموم: اس لئے ہمزہ کو واو سے بدل دیا (ماضی مجہول، مضارع مجہول، اسم فاعل، اسم مفعول اور نہی میں بھی یہی تعلیل ہوگی) (۵) اِیْمَانًا: اصل میں اِءْ مَانًا تھا، دو ہمزہ اکٹھا ہوئے، پہلا متحرک دوسرا ساکن اس لئے دوسرے ہمزہ کو پہلے ہمزہ کی حرکت کے موافق حرفِ علت یاء سے بدل دیا۔

الامر منہ: آمِن، والنہی عنہ لَاتُؤْمِنْ، الظرف منہ: مُؤْمَنٌ، والآلۃ منہ: مَابِهِ الإِيْمَانُ، واسم التفضیل منہ: اَشَدُّ اِيْمَانًا۔

تمرین

۱- اِيْتَمَرَ، يَأْتَمِرُ، اِيْتِمَارًا (فرمانبرداری کرنا) باب افتعال سے گردان کریں (امر: اِيْتَمِرْ)......۲- اِسْتَاذَنَ، يَسْتَأْذِنُ، اِسْتِئْذَانًا (اجازت طلب کرنا) باب استفعال سے گردان کریں (امر: اِسْتَأْذِنْ)......۳- اَدَّبَ، يُؤَدِّبُ، تَادِيبًا (ادب سکھانا) باب تفعیل سے گردان کریں (امر: اَدِّبْ)......۴- آخَذَ، يُؤَاخِذُ، مُؤَاخَذَةً (گرفت کرنا) باب مفاعلة سے گردان کریں (امر: آخِذْ)......۵- تَـأَدَّبَ، يَتَـأَدَّبُ، تَـأَدُّبًا (ادب حاصل کرنا) باب تفعُّل سے گردان کریں (امر: تَأَدَّبْ)

گردان مہموز العین: از باب فتح: السُّؤَالُ: پوچھنا

سَأَلَ، يَسْأَلُ، سُؤَالًا، فهو سَائِلٌ () سُئِلَ، يُسْأَلُ، سُؤَالًا، فهو مَسْؤُولٌ ()

الامر منہ: سَلْ، والنہی عنہ: لَاتَسْأَلْ، الظرف منہ: مَسْأَلٌ، والآلۃ منہ: مِسْأَلٌ، ومِسْأَلَةٌ، ومِسْآلٌ، اسم التفضیل منہ: اَسْأَلُ، والمؤنث منہ: سُؤْلٰی۔

تمرین

سَئِمَ، يَسْأَمُ، سَأْمًا (رنجیدہ ہونا) باب سمع سے گردان کریں (امر: اِسْأَمْ)

گردان مہموز اللام: از باب فتح: البَدْءُ: شروع کرنا

بَدَأَ، يَبْدَأُ، بَدْءًا، فهو بَادِئٌ () بُدِئَ، يُبْدَأُ، بَدْءًا، فهو مَبْدُوْءٌ[1]، الامر منہ:

(۱) مَبْدُوْءٌ کو مَبْدُوٌّ بھی پڑھ سکتے ہیں، کیونکہ ہمزہ متحرک اور اس سے پہلے واو ساکن ایک کلمہ میں جمع ہوئے ہیں، اس لئے ہمزہ کو واو سے بدل کر: واو کا واو میں ادغام بھی کر سکتے ہیں۔

اِبْدَأْ، والنہی عنہ: لَاتَبْدَأْ، الظرف منہ: مَبْدَأٌ، والآلۃ منہ: مِبْدَأٌ، ومِبْدَأَةٌ، ومِبْدَاءٌ، اسم التفضیل منہ: اَبْدَأُ، والمؤنث منہ: بُدْئیٰ۔

تمرین (درج ذیل مصادر سے گردانیں کریں)

(۱) القِرَاءَةُ: پڑھنا: باب فتح سے گردان کریں (اِقْرَأْ، لَاتَقْرَأْ)

(۲) الجُرْأَةُ: دلیر ہونا: باب کرم سے گردان کریں (جَرِیْئٌ، اُجْرُؤْ، لَاتَجْرُؤْ)

گردان مہموز اللام: از باب افتعال: الاِجْتِرَاءُ: دلیری دکھانا

اِجْتَرَأَ، یَجْتَرِئُ، اِجْتِرَاءً، فهو مُجْتَرِئٌ () اُجْتُرِئَ، یُجْتَرَأُ، اجْتِرَاءً، فهو مُجْتَرَئٌ، الامر منہ: اِجْتَرِئْ، والنہی عنہ: لَاتَجْتَرِئْ۔

معتل کا بیان

معتل کی دو قسمیں ہیں: معتل یک حرفی اور معتل دو حرفی۔ اول کی تین قسمیں ہیں: مثال، اجوف اور ناقص۔

مثال: وہ معتل ہے: جس کے فاکلمہ میں حرف علت ہو، پھر مثال کی دو قسمیں ہیں: مثال واوی اور مثال یائی، اگر فاکلمہ کی جگہ واو ہو تو اس کو مثال واوی کہتے ہیں، جیسے وَعد اور یاء ہو تو اس کو مثال یائی کہتے ہیں، جیسے یَسَرَ[1]

مثال کی تعلیل کے قواعد

قاعدہ (۱): اگر واو: علامتِ مضارع مفتوح، اور عین کلمہ مکسور کے درمیان واقع ہو تو اس واو کو حذف کردیتے ہیں، جیسے یَوْعِدُ سے یَعِدُ، اور اگر عین کلمہ مکسور نہ ہو، مگر عین یا لام کلمہ حرف حلقی ہو تو بھی واو کو حذف کردیتے ہیں، جیسے یَوْهَبُ سے

(۱) مثال: کے معنی ہیں: مانند، اور مثال کو مثال اس لئے کہتے ہیں کہ اس کی ماضی کی گردانیں صحیح کی طرح ہوتی ہیں، ان میں کوئی تعلیل نہیں ہوتی۔ البتہ مضارع معروف میں تعلیل ہوتی ہے:

یَهَبُ اور یَوْضَعُ سے یَضَعُ (۱)

قاعدہ (۲): اگر مثال واوی کا مصدر فِعْلٌ کے وزن پر ہو، اور اس کے مضارع سے واو حذف ہو گیا ہو، تو اس واو کو مصدر سے بھی حذف کر دیتے ہیں، پھر واو کے بدل آخر میں گول تاء بڑھا دیتے ہیں، اور عین کلمہ کو کسرہ دیتے ہیں، تاکہ ابتداء بالسکون لازم نہ آئے، جیسے وَعْدٌ سے عِدَةٌ۔

قاعدہ (۳): مثال کے ہر باب سے اسم ظرف مَفْعِلٌ کے وزن پر آتا ہے، جیسے مَوْعِدٌ، مَوْهِبٌ۔

قاعدہ (۴): جو واو ساکن غیر مدغم ہو، اور اس کا ماقبل مکسور ہو تو وہ واو: یاء سے بدل جاتا ہے، جیسے مِوْزَانٌ سے مِیْزَانٌ (ترازو) (۲)

قاعدہ (۵): جو یاء ساکن غیر مدغم ہو، اور اس کا ماقبل مضموم ہو تو وہ یاء: واو سے بدل جاتی ہے، جیسے مُیْقِنٌ سے مُوْقِنٌ (۳)

قاعدہ (۶): باب افتعال کے فاء کلمہ کی جگہ اگر واو یا یاء ہوں، اور وہ ہمزہ سے بدلے ہوئے نہ ہوں تو اس واو اور یاء کو تاء سے بدل کر تاء میں ادغام کر دیتے ہیں، جیسے اِوْتَقَدَ سے اِتَّقَدَ اور اِیْتَسَرَ سے اِتَّسَرَ (۴)

مثال واوی کا بیان

مثال واوی ثلاثی مجرد کے پانچ بابوں سے آتی ہے: ضرب، سمع، فتح، کرم

(۱) حروف حلقی چھ ہیں: ہمزہ، حاء، خاء، عین، غین اور ہاء...... اور اس قاعدہ سے چند فعل مستثنیٰ ہیں: جیسے وَسِخَ یَوْسَخُ وَسَخًا اور وَجِعَ یَوْجَعُ وَجَعًا، ان میں لام کلمہ حرف حلقی ہے، پھر بھی واو نہیں گرا (۲) اِجْلِوَّاذٌ (گھوڑے کا دوڑنا) میں یہ قاعدہ جاری نہ ہوگا، کیونکہ اس میں پہلا واو ساکن مدغم ہے (۳) مُیَّزٌ میں یہ قاعدہ جاری نہ ہوگا، کیونکہ اس میں پہلی یاء ساکن مدغم ہے (۴) اِیْتَمَرَ میں یہ قاعدہ جاری نہ ہوگا، کیونکہ اس میں یاء ہمزہ سے بدلی ہوئی ہے، اس کی اصل اِئْتَمَرَ ہے۔

اور حسب سے۔

مثال واوی از باب ضرب :الوَعْدُ: وعدہ کرنا۔

صرف صغیر:وَعَدَ، یَعِدُ، وَعْدًا وَعِدَةً، فَهو وَاعِدٌ ۞ وُعِدَ يُوْعَدُ، وَعْدًا وَعِدَةً، فَهو مَوْعُوْدٌ ۞ الامر منہ:عِدْ، والنهى عنہ:لَاتَعِدْ، الظرف منہ:مَوْعِدٌ، والآلۃ منہ: مِيْعَدٌ، وَمِيْعَدَةٌ، وَمِيْعَادٌ، اسم التفضیل منہ:أَوْعَدُ، والمؤنث منہ:وُعْدیٰ۔

صرف کبیر

فعل ماضی مثبت معروف:وَعَدَ[1]، وَعَدَا، وَعَدُوْا ۞ وَعَدَتْ، وَعَدَتَا، وَعَدْنَ، وَعَدْتَ، وَعَدْتُمَا، وَعَدْتُمْ۞وَعَدْتِ، وَعَدْتُمَا، وَعَدْتُنَّ ۞ وَعَدْتُ، وَعَدْنَا.

(ضَرَبَ کی طرح گردان ہے)

فعل ماضی مثبت مجہول:وُعِدَ، وُعِدَا، وُعِدُوْا ۞ وُعِدَتْ، وُعِدَتَا، وُعِدْنَ ۞ وُعِدْتَ،وُعِدْتُمَا، وُعِدْتُمْ ۞وُعِدْتِ، وُعِدْتُمَا، وُعِدْتُنَّ ۞ وُعِدْتُ، وُعِدْنَا

(ضُرِبَ: کی طرح گردان ہے)

ماضی منفی معروف ومجہول:مَا اور لَا لگا کر ماضی منفی معروف اور ماضی منفی مجہول کی گردانیں کریں۔

فعل مضارع مثبت معروف: يَعِدُ[2]،يَعِدَانِ، يَعِدُوْنَ ۞ تَعِدُ، تَعِدَانِ، يَعِدْنَ، تَعِدُ، تَعِدَانِ، تَعِدُوْنَ ۞ تَعِدِيْنَ، تَعِدَانِ، تَعِدْنَ ۞ اَعِدُ، نَعِدُ۔

فعل مضارع مثبت مجہول: يُوْعَدُ، يُوْعَدَانِ، يُوْعَدُوْنَ ۞ تُوْعَدُ، تُوْعَدَانِ،

---

(۱)وَعَدَ:وعدہ کیا اس ایک مرد نے،وُعِدَ:وعدہ کیا گیا وہ ایک مرد،مَا/لَا وَعَدَ:وعدہ نہیں کیا اس ایک مرد نے،مَا/لَا وُعِدَ:وعدہ نہیں کیا گیا وہ ایک مرد۔گرادنیں ترجمہ کے ساتھ کرائیں۔

(۲):يَعِدُ: اصل میں يَوْعِدُ(بروزن يَضْرِبُ) تھا،واو: علامت مضارع مفتوح،اور عین کلمہ مکسور کے درمیان واقع ہوا،اس لئے واو کو حذف کردیا(باقی صیغوں میں بھی یہی تعلیل ہوگی)

یُوْعَدْنَ () تُوْعَدُ، تُوْعَدَانِ، تُوْعَدُوْنَ () تُوْعَدِیْنَ، تُوْعَدَانِ، تُوْعَدْنَ () اُوْعَدُ، نُوْعَدُ: (یُضْرَبُ: کی طرح گردان ہوگی)

مضارع منفی معروف ومجہول: مضارع معروف ومجہول کے شروع میں لَا لگا کر مضارع منفی معروف ومجہول کی گردانیں کریں۔

نفی تاکید بہ لن درفعل مضارع معروف: لَنْ یَّعِدَ، لَنْ یَّعِدَا، لَنْ یَّعِدُوْا () لَنْ تَعِدَ لَنْ تَعِدَا، لَنْ یَّعِدْنَ () لَنْ تَعِدَ، لَنْ تَعِدَا، لَنْ تَعِدُوْا () لَنْ تَعِدِیْ، لَنْ تَعِدَا، لَنْ تَعِدْنَ () لَنْ اَعِدَ، لَنْ نَعِدَ[1]

فائدہ: لَنْ کی وجہ سے پانچ صیغوں میں نصب آیا ہے، اور سات صیغوں سے نون اعرابی گرا ہے، اور دو صیغوں میں نون فاعلی باقی ہے۔

نفی تاکید بہ لن درفعل مضارع مجہول: لن یُوْعَدَ، لن یُوْعَدَا، لن یُوْعَدُوْا () لَنْ تُوْعَدَ، لن تُوْعَدَا، لن یُوْعَدْنَ () لن تُوْعَدَ، لن تُوْعَدَا، لن تُوْعَدُوْا () لن تُوْعَدِی، لن توعدا، لن تُوْعَدْنَ () لن اُوْعَدَ، لن نُوْعَدَ۔

نفی جحد بہ لم درفعل مضارع معروف: لم یَعِدْ، لم یَعِدَا، لم یَعِدُوْا () لَمْ تَعِدْ، لم تَعِدَا، لم یَعِدْنَ () لَمْ تَعِدْ، لم تَعِدَا، لم تَعِدُوْا () لم تَعِدِیْ، لم تَعِدَا، لم تَعِدْنَ () لم اَعِدْ، لم نَعِدْ.

فائدہ: لم کی وجہ سے پانچ صیغوں میں جزم آیا ہے، اور سات صیغوں سے نون اعرابی گرا ہے اور دو صیغوں میں نون فاعلی باقی ہے۔

نفی جحد بہ لم درفعل مضارع مجہول: لم یُوْعَدْ، لم یُوْعَدَا، لم یُوْعَدُوْا آخر تک لم یُضْرَبْ کی طرح۔

لام تاکید بانون تاکید ثق[illegible]ارع معروف: لَیَعِدَنَّ، لَیَعِدَانِّ، لَیَعِدُنَّ () لَتَعِدَنَّ، لَتَعِدَانِّ، لَیَعِ[illegible]دنَّ، لَتَعِدَانِّ، لَتَعِدُنَّ () لَتَعِدِنَّ، لَتَعِدَانِّ،

(۱) سب صیغوں میں یَعِدُ (مضارع معروف) جیسی تعلیل ہوئی ہے۔

لَتَعِدْنَانِّ ○ لَاَعِدَنَّ، لَنَعِدَنَّ۔

لام تاکید بانون تاکید ثقیلہ در فعل مضارع مجہول: لَیُوْعَدَنَّ، لَیُوْعَدَانِّ، لَیُوْعَدُنَّ آخر تک (لَیُضْرَبَنَّ کی طرح)

لام تاکید بانون تاکید خفیفہ در فعل مضارع معروف: لَیَعِدَنْ، لَیَعِدُنْ، لَتَعِدَنْ، لَتَعِدَنْ، لَتَعِدُنْ، لَتَعِدِنْ، لَاَعِدَنْ، لَنَعِدَنْ۔

لام تاکید بانون تاکید خفیفہ در فعل مضارع مجہول: لَیُوْعَدَنْ، لَیُوْعَدُنْ آخر تک۔

امر حاضر معروف: عِدْ، عِدَا، عِدُوْا ○ عِدِیْ، عِدَا، عِدْنَ[1]

امر غائب و متکلم معروف: لِیَعِدْ، لِیَعِدَا، لِیَعِدُوْا ○ لِتَعِدْ، لِتَعِدَا، لِیَعِدْنَ ○ لِاَعِدْ، لِنَعِدْ۔

امر مجہول: لِیُوْعَدْ، لِیُوْعَدَا، لِیُوْعَدُوْا ○ لِتُوْعَدْ، لِتُوْعَدَا، لِیُوْعَدْنَ ○ لِتُوْعَدْ، لِتُوْعَدَا، لِتُوْعَدُوْا ○ لِتُوْعَدِیْ، لِتُوْعَدَا، لِتُوْعَدْنَ ○ لِاُوْعَدْ، لِنُوْعَدْ۔

فائدہ: لام امر ہمیشہ مکسور ہوتا ہے۔

امر حاضر معروف بانون ثقیلہ: عِدَنَّ، عِدَانِّ، عِدُنَّ ○ عِدِنَّ، عِدَانِّ، عِدْنَانِّ۔

امر غائب و متکلم معروف بانون ثقیلہ: لِیَعِدَنَّ، لِیَعِدَانِّ، لِیَعِدُنَّ ○ لِتَعِدَنَّ، لِتَعِدَانِّ، لِیَعِدْنَانِّ ○ لِاَعِدَنَّ، لِنَعِدَنَّ۔

امر مجہول بانون ثقیلہ: لِیُوْعَدَنَّ، لِیُوْعَدَانِّ، لِیُوْعَدُنَّ الی آخرہ۔

امر حاضر معروف بانون خفیفہ: عِدَنْ، عِدُنْ، عِدِنْ۔

امر غائب و متکلم معروف بانون خفیفہ: لِیَعِدَنْ، لِیَعِدُنْ، لِتَعِدَنْ، لِاَعِدَنْ، لِنَعِدَنْ۔

امر مجہول بانون خفیفہ: لِیُوْعَدَنْ، لِیُوْعَدُنْ، لِتُوْعَدَنْ، لِتُوْعَدَنْ، لِتُوْعَدُنْ،

(۱) عِدْ: اصل میں تَعِدُ (مضارع واحد حاضر معروف) تھا، علامتِ مضارع کو حذف کرنے کے بعد پہلا حرف متحرک تھا، اس لئے ہمزۂ وصل کی ضرورت نہ رہی اور آخر کو ساکن کر دیا: عِدْ ہو گیا۔

لِتُوْعَدِنْ، لِأُوْعَدَنْ، لِنُوْعَدَنْ۔

نہی معروف: لَایَعِدْ، لَایَعِدَا، لَایَعِدُوْا (لم یَعِدْ کی طرح)

نہی مجہول: لَایُوْعَدْ، لَایُوْعَدَا، لَایُوْعَدُوْا الی آخرہ۔

نہی معروف بانون ثقیلہ: لَایَعِدَنَّ، لَایَعِدَانِّ، لَایَعِدُنَّ الی آخرہ۔

نہی مجہول بانون ثقیلہ: لَایُوْعَدَنَّ، لَایُوْعَدَانِّ، لَایُوْعَدُنَّ الی آخرہ۔

نہی معروف بانون خفیفہ: لَایَعِدَنْ، لَایَعِدُنْ، لَاتَعِدَنْ، لَاتَعِدُنْ، لَاتَعِدُنْ، لَاتَعِدِنْ، لَا اَعِدَنْ، لَانَعِدَنْ۔

نہی مجہول بانون خفیفہ: لَایُوْعَدَنْ، لَایُوْعَدُنْ الی آخرہ۔

اسم فاعل: وَاعِدٌ، وَاعِدَانِ، وَاعِدُوْنَ () وَاعِدَةٌ، وَاعِدَتَانِ، وَاعِدَاتٌ۔

اسم مفعول: مَوْعُوْدٌ، مَوْعُوْدَانِ، مَوْعُوْدُوْنَ () مَوْعُوْدَةٌ، مَوْعُوْدَتَانِ، مَوْعُوْدَاتٌ۔

اسم ظرف: مَوْعِدٌ، مَوْعِدَانِ، مَوَاعِدُ۔

اسم آلہ: ۱- مِیْعَدٌ، مِیْعَدَانِ، مَوَاعِدُ ۲- مِیْعَدَةٌ، مِیْعَدَتَانِ، مَوَاعِدُ () ۳-مِیْعَادٌ، مِیْعَادَانِ، مَوَاعِیْدُ.

اسم تفضیل: اَوْعَدُ، اَوْعَدَانِ، اَوْعَدُوْنَ، اَوَاعِدُ () وُعْدٰی، وُعْدَیَانِ، وُعْدَیَاتٌ، وُعَدٌ.

فائدہ: اَوْعَدُوْنَ: جمع مذکر سالم ہے، اور اَوَاعِدُ: جمع مکسر، اسی طرح وُعْدَیَاتٌ: جمع مؤنث سالم ہے، اور وُعَدٌ: جمع مؤنث مکسر۔

تمرین (افعال ذیل سے گردانیں کریں)

(۱) وَثَبَ، یَثِبُ، وَثْبًا وَثِبَةً: کودنا، چھلانگ لگانا...... (۲) وَثِقَ، یَثِقُ، وُثُوْقًا، وَثِقَةً: اعتماد کرنا بھروسہ کرنا...... (۳) وَجَبَ، یَجِبُ، وُجُوْبًا: واجب ہونا، لازم ہونا

(۴)وَجَدَ، يَجِدُ، وَجْدًا وَوِجْدَانًا: پانا، حاصل کرنا......(۵)وَرَدَ، يَرِدُ، وُرُوْدًا: آنا......(۶)وَصَفَ، يَصِفُ، وَصْفًا وَصِفَةً: کسی چیز کی حالت بیان کرنا، تعریف کرنا......(۷)وَضَحَ، يَضِحُ، وُضُوْحًا: واضح ہونا، ظاہر ہونا......(۸)وَعَظَ يَعِظُ، وَعْظًا وَعِظَةً: نصیحت کرنا، انجام یاد دلانا......(۹)وَقَفَ، يَقِفُ، وَقْفًا وَوُقُوْفًا: ٹھہرنا، رکنا......(۱۰) وَلَجَ، يَلِجُ، وُلُوْجًا: داخل ہونا۔

مثال واوی از باب سَمِعَ يَسْمَعُ: الْوَجَلُ: ڈرنا، گھبرانا

صرف صغیر: وَجِلَ يَوْجَلُ(۱)، وَجَلاً، فهو وَاجِلٌ () وُجِلَ(۲) يُوْجَلُ، وَجَلاً، فهو مَوْجُوْلٌ: الامر منه: اِيْجَلْ، والنهي عنه: لا تَوْجَلْ، الظرف منه: مَوْجِلٌ، والآلة منه: مِيْجَلٌ، ومِيْجَلَةٌ، ومِيْجَالٌ، اسم التفضيل منه: اَوْجَلُ، والمؤنث منه: وُجْلٰى(۳)

امر حاضر معروف: اِيْجَلْ، اِيْجَلاَ، اِيْجَلُوْا () اِيْجَلِيْ، اِيْجَلاَ، اِيْجَلْنَ(۴)

اسم آلہ: ۱-مِيْجَلٌ(۵)، مِيْجَلاَنِ، مَوَاجِلُ () ۲- مِيْجَلَةٌ، مِيْجَلَتَانِ، مَوَاجِلُ

---

(۱) يَوْجَلُ میں واو: اس لئے نہیں گرا کہ علامتِ مضارع اگرچہ مفتوح ہے، مگر عین کلمہ مکسور نہیں، اور عین یا لام کلمہ حرفِ حلقی بھی نہیں (۲) اگر کہا جائے کہ الوَجَلُ لازم ہے، اور لازم کا مجہول نہیں آتا، اس کا متعدی اَوْجَلَه (باب افعال) ہے، جس کے معنی ہیں: ڈرانا، خوف زدہ کرنا......پس اس کا جواب یہ ہے کہ یہ مجہول اس لئے لکھا جاتا ہے کہ گردان میں خلل نہ پڑے، علاوہ ازیں: باء کے ذریعہ لازم کو متعدی بنا کر بوقت ضرورت وُجِلَ بِه بھی کہا جا سکتا ہے (۳) صرف کبیر سَمِعَ يَسْمَعُ کی طرح ہے، ماضی اور مضارع کے عین کلمہ کی حرکت کا خیال رکھ کر گردانیں کرائیں۔ کسی صیغہ میں تعلیل نہیں ہوئی، صرف امر حاضر معروف اور اسم آلہ میں تعلیل ہوئی ہے (۴): اِيْجَلْ: اصل میں اِوْجَلْ (بروزن اِسْمَعْ) تھا، واو ساکن غیر مدغم اور ماقبل مکسور تھا اس لئے واو کو یاء سے بدلا۔ (۵): مِيْجَلٌ: اصل میں مِوْجَلٌ تھا، قاعدہ مذکورہ سے واو کو یاء سے بدلا۔

۳-مِیْجَالٌ، مِیْجَالَانِ، مَوَاجِیْلُ۔

تمرین (افعال ذیل سے گردانیں کریں)

(۱)وَسِعَ، یَسَعُ، سِعَةً: کشادہ ہونا......(۲)وَجِعَ، یَوْجَعُ، وَجَعًا: دکھی ہونا، تکلیف محسوس کرنا......(۳)وَبِقَ، یَوْبَقُ، وَبَقًا: ہلاک ہونا......(۴)وَلِعَ، یَوْلَعُ وَلَعًا: دلدادہ ہونا(۵)-وَسِخَ، یَوْسَخُ، وَسَخًا: میلا ہونا(۱)

مثالِ واوی از باب فَتَحَ یَفْتَحُ: الوَهْبُ والهِبَةُ: بخشنا، دینا

صرف صغیر: وَهَبَ، یَهَبُ، وَهْبًا وَهِبَةً، فهو وَاهِبٌ () وُهِبَ، یُوْهَبُ، وَهْبًا وَهِبَةً، فهو مَوْهُوْبٌ، الامر منہ: هَبْ، والنهی عنہ: لا تَهَبْ، الظرف منہ: مَوْهِبٌ، والآلة منہ: مِیْهَبٌ، ومِیْهَبَةٌ، ومِیْهَابٌ، اسم التفضیل منہ: اَوْهَبُ، والمؤنث منہ: وُهْبٰی (۲)

---

(۱) یَوْجَعُ، یَوْلَعُ اور یَوْسَخُ میں اگرچہ لام کلمہ حرف حلقی ہے، مگر مضارع سے واو نہیں گرا، کیونکہ یہ تین فعل قاعدہ سے مستثنیٰ ہیں......اور ان پانچوں افعال کے امر: اِیْسَعْ، اِیْجَعْ، اِیْبَقْ، اِیْلَعْ اور اِیْسَخْ ہیں، اور اسم آلہ: مِیْسَعٌ، مِیْجَعٌ، مِیْبَقٌ، مِیْلَعٌ، اور مِیْسَخٌ ہیں۔

(۲) فعل ماضی مثبت ومنفی: معروف ومجہول: صحیح کی طرح ہیں، ان میں کوئی تعلیل نہیں ہوئی......اور مضارع یَهَبُ: اصل میں یَوْهَبُ تھا، واو. علامت مضارع مفتوح اور ایسے فعل کے فتحہ کے درمیان واقع ہوا جس کا عین کلمہ حرف حلقی ہے، اس لئے واو گر گیا، مضارع مثبت معروف کے باقی صیغوں میں بھی یہی تعلیل ہوئی ہے......اور مضارع مثبت مجہول: صحیح کی طرح ہے، اس میں کوئی تعلیل نہیں ہوئی......اور امر حاضر معروف: هَبْ: اصل میں تَهَبْ (مضارع واحد حاضر معروف) تھا، علامت مضارع حذف کی اور آخر کو ساکن کر دیا: هَبْ ہو گیا......اور اسم آلہ مِیْهَبٌ میں مِیْعَدٌ جیسی تعلیل ہوگی۔

صرف کبیر

ماضی مثبت معروف (1)	ماضی مثبت مجہول	مضارع مثبت معروف	مضارع مثبت مجہول	نفی تاکید بہ لن معروف	نفی تاکید بہ لن مجہول
وَهَبَ	وُهِبَ	يَهَبُ	يُوْهَبُ	لَنْ يَهَبَ	لَنْ يُوْهَبَ
وَهَبَا	وُهِبَا	يَهَبَانِ	يُوْهَبَانِ	لَنْ يَهَبَا	لَنْ يُوْهَبَا
وَهَبُوْا	وُهِبُوْا	يَهَبُوْنَ	يُوْهَبُوْنَ	لَنْ يَهَبُوْا	لَنْ يُوْهَبُوْا
وَهَبَتْ	وُهِبَتْ	تَهَبُ	تُوْهَبُ	لَنْ تَهَبَ	لَنْ تُوْهَبَ
وَهَبَتَا	وُهِبَتَا	تَهَبَانِ	تُوْهَبَانِ	لَنْ تَهَبَا	لَنْ تُوْهَبَا
وَهَبْنَ	وُهِبْنَ	يَهَبْنَ	يُوْهَبْنَ	لَنْ يَهَبْنَ	لَنْ يُوْهَبْنَ
وَهَبْتَ	وُهِبْتَ	تَهَبُ	تُوْهَبُ	لَنْ تَهَبَ	لَنْ تُوْهَبَ
وَهَبْتُمَا	وُهِبْتُمَا	تَهَبَانِ	تُوْهَبَانِ	لَنْ تَهَبَا	لَنْ تُوْهَبَا
وَهَبْتُمْ	وُهِبْتُمْ	تَهَبُوْنَ	تُوْهَبُوْنَ	لَنْ تَهَبُوْا	لَنْ تُوْهَبُوْا
وَهَبْتِ	وُهِبْتِ	تَهَبِيْنَ	تُوْهَبِيْنَ	لَنْ تَهَبِيْ	لَنْ تُوْهَبِيْ
وَهَبْتُمَا	وُهِبْتُمَا	تَهَبَانِ	تُوْهَبَانِ	لَنْ تَهَبَا	لَنْ تُوْهَبَا
وَهَبْتُنَّ	وُهِبْتُنَّ	تَهَبْنَ	تُوْهَبْنَ	لَنْ تَهَبْنَ	لَنْ تُوْهَبْنَ

(۱) مَا اور لَا لگا کر ماضی منفی معروف ومجہول کی گردانیں کرائیں......اور لا لگا کر مضارع منفی: معروف ومجہول کی گردانیں کرائیں......وَهَبَ: بخشا اس ایک مرد نے......وُهِبَ: بخشا گیا وہ ایک مرد......يَهَبُ: بخشتا ہے یا بخشے گا وہ ایک مرد......يُوْهَبُ: بخشا گیا یا بخشا جائے گا وہ ایک مرد......لَنْ يَهَبَ: ہرگز نہیں بخشے گا وہ ایک مرد......لَنْ يُوْهَبَ: ہرگز نہیں بخشا جائے گا وہ ایک مرد (گردانیں ترجمہ کے ساتھ کرائیں)

وَهَبْتُ	وُهِبْتُ	اَهَبُ	اُوْهَبُ	لَنْ اَهَبَ	لَنْ اُوْهَبَ
وَهَبْنَا	وُهِبْنَا	نَهَبُ	نُوْهَبُ	لَنْ نَهَبَ	لَنْ نُوْهَبَ

نفی جحد بہ لم معروف	نفی جحد بہ لم مجہول	لام تاکید بانون ثقیلہ معروف	لام تاکید بانون ثقیلہ مجہول	لام تاکید بانون خفیفہ معروف	لام تاکید بانون خفیفہ مجہول
لَمْ يَهَبْ (۱)	لَمْ يُوْهَبْ (۲)	لَيَهَبَنَّ (۳)	لَيُوْهَبَنَّ (۴)	لَيَهَبَنْ (۵)	لَيُوْهَبَنْ (۶)
لَمْ يَهَبَا	لَمْ يُوْهَبَا	لَيَهَبَانِّ	لَيُوْهَبَانِّ	....	....
لَمْ يَهَبُوْا	لَمْ يُوْهَبُوْا	لَيَهَبُنَّ	لَيُوْهَبُنَّ	لَيَهَبُنْ	لَيُوْهَبُنْ
لَمْ تَهَبْ	لَمْ تُوْهَبْ	لَتَهَبَنَّ	لَتُوْهَبَنَّ	لَتَهَبَنْ	لَتُوْهَبَنْ
لَمْ تَهَبَا	لَمْ تُوْهَبَا	لَتَهَبَانِّ	لَتُوْهَبَانِّ	....	....
لَمْ يَهَبْنَ	لَمْ يُوْهَبْنَ	لَيَهَبْنَانِّ	لَيُوْهَبْنَانِّ	....	....
لَمْ تَهَبْ	لَمْ تُوْهَبْ	لَتَهَبَنَّ	لَتُوْهَبَنَّ	لَتَهَبَنْ	لَتُوْهَبَنْ
لَمْ تَهَبَا	لَمْ تُوْهَبَا	لَتَهَبَانِّ	لَتُوْهَبَانِّ	....	....
لَمْ تَهَبُوْا	لَمْ تُوْهَبُوْا	لَتَهَبُنَّ	لَتُوْهَبُنَّ	لَتَهَبُنْ	لَتُوْهَبُنْ
لَمْ تَهَبِيْ	لَمْ تُوْهَبِيْ	لَتَهَبِنَّ	لَتُوْهَبِنَّ	لَتَهَبِنْ	لَتُوْهَبِنْ
لَمْ تَهَبَا	لَمْ تُوْهَبَا	لَتَهَبَانِّ	لَتُوْهَبَانِّ	....	....
لَمْ تَهَبْنَ	لَمْ تُوْهَبْنَ	لَتَهَبْنَانِّ	لَتُوْهَبْنَانِّ	....	....

(۱) لَمْ يَهَبْ: نہیں بخشا اس ایک مرد نے (۲) لَمْ يُوْهَبْ: نہیں بخشا گیا وہ ایک مرد (۳) لَيَهَبَنَّ: اصل میں لَيُوْهَبَنَّ (بروزن لَيَفْتَحَنَّ) تھا، تمام صیغوں میں يَهَبُ کی طرح تعلیل ہوئی ہے۔ لَيَهَبَنَّ: ضرور بالضرور بخشے گا وہ ایک مرد (۴) لَيُوْهَبَنَّ: ضرور بالضرور بخشا جائے گا وہ ایک مرد (۵) لَيَهَبَنْ: ضرور بالضرور بخشے گا وہ ایک مرد (۶) لَيُوْهَبَنْ: ضرور بالضرور بخشا جائے گا وہ ایک مرد۔

لَمْ اَهَبْ	لَمْ اُوْهَبْ	لَا اَهَبَنَّ	لَا اُوْهَبَنَّ	لَا اَهَبَنْ	لَا اُوْهَبَنْ
لَمْ نَهَبْ	لَمْ نُوْهَبْ	لَنَهَبَنَّ	لَنُوْهَبَنَّ	لَنَهَبَنْ	لَنُوْهَبَنْ

امر معروف	امر مجہول	امر معروف بانون ثقیلہ	امر مجہول بانون ثقیلہ	امر معروف بانون خفیفہ	امر مجہول بانون خفیفہ
......	......				
لِيَهَبْ (1)	لِيُوْهَبْ	لِيَهَبَنَّ	لِيُوْهَبَنَّ	لِيَهَبَنْ	لِيُوْهَبَنْ
لِيَهَبَا	لِيُوْهَبَا	لِيَهَبَانِّ	لِيُوْهَبَانِّ	......	......
لِيَهَبُوْا	لِيُوْهَبُوْا	لِيَهَبُنَّ	لِيُوْهَبُنَّ	لِيَهَبُنْ	لِيُوْهَبُنْ
لِتَهَبْ	لِتُوْهَبْ	لِتَهَبَنَّ	لِتُوْهَبَنَّ	لِتَهَبَنْ	لِتُوْهَبَنْ
لِتَهَبَا	لِتُوْهَبَا	لِتَهَبَانِّ	لِتُوْهَبَانِّ	......	......
لِيَهَبْنَ	لِيُوْهَبْنَ	لِيَهَبْنَانِّ	لِيُوْهَبْنَانِّ	......	......
هَبْ	لِتُوْهَبْ	هَبَنَّ	لِتُوْهَبَنَّ	هَبَنْ	لِتُوْهَبَنْ
هَبَا	لِتُوْهَبَا	هَبَانِّ	لِتُوْهَبَانِّ	......	......
هَبُوْا	لِتُوْهَبُوْا	هَبُنَّ	لِتُوْهَبُنَّ	هَبُنْ	لِتُوْهَبُنْ
هَبِيْ	لِتُوْهَبِيْ	هَبِنَّ	لِتُوْهَبِنَّ	هَبِنْ	لِتُوْهَبِنْ
هَبَا	لِتُوْهَبَا	هَبَانِّ	لِتُوْهَبَانِّ	......	......
هَبْنَ	لِتُوْهَبْنَ	هَبْنَانِّ	لِتُوْهَبْنَانِّ	......	......

(۱) لِيَهَبْ: اصل میں لِيُوْهَبْ تھا...... اور هَبْ: اصل میں تَهَبْ تھا، تمام صیغوں میں يَهَبُ جیسی تعلیل ہوئی ہے...... لِيَهَبْ: چاہئے کہ بخشے وہ...... هَبْ: بخش تو...... لِيُوْهَبْ: چاہئے کہ بخشا جائے وہ...... لِيَهَبَنَّ: چاہئے کہ ضرور بخشے وہ...... هَبَنَّ: ضرور بخش تو...... لِيُوْهَبَنَّ: چاہئے کہ ضرور بخشا جائے وہ۔ لِيَهَبْنَ: اصل میں لِيُوْهَبْنَ تھا: ضرور بخشے وہ...... هَبْنَ: اصل میں اِوْهَبْنَ تھا: ضرور بخش تو...... لِيُوْهَبْنَ: ضرور بخشا جائے وہ مرد۔

لِاَهَبْ	لِاُوْهَبْ	لِاَهَبَنَّ	لِاُوْهَبَنَّ	لِاَهَبَنْ	لِاُوْهَبَنْ
لِنَهَبْ	لِنُوْهَبْ	لِنَهَبَنَّ	لِنُوْهَبَنَّ	لِنَهَبَنْ	لِنُوْهَبَنْ

نہی معروف	نہی مجہول	نہی معروف بانون ثقیلہ	نہی مجہول بانون ثقیلہ	نہی معروف بانون خفیفہ	نہی مجہول بانون خفیفہ
لَایَهَبْ (۱)	لَایُوْهَبْ	لَایَهَبَنَّ	لَایُوْهَبَنَّ	لَایَهَبَنْ	لَایُوْهَبَنْ
لَایَهَبَا	لَایُوْهَبَا	لَایَهَبَانِّ	لَایُوْهَبَانِّ	....	....
لَایَهَبُوْا	لَایُوْهَبُوْا	لَایَهَبُنَّ	لَایُوْهَبُنَّ	لَایَهَبُنْ	لَایُوْهَبُنْ
لَاتَهَبْ	لَاتُوْهَبْ	لَاتَهَبَنَّ	لَاتُوْهَبَنَّ	لَاتَهَبَنْ	لَاتُوْهَبَنْ
لَاتَهَبَا	لَاتُوْهَبَا	لَاتَهَبَانِّ	لَاتُوْهَبَانِّ	....	....
لَایَهَبْنَ	لَایُوْهَبْنَ	لَایَهَبْنَانِّ	لَایُوْهَبْنَانِّ	....	....
لَاتَهَبْ	لَاتُوْهَبْ	لَاتَهَبَنَّ	لَاتُوْهَبَنَّ	لَاتَهَبَنْ	لَاتُوْهَبَنْ
لَاتَهَبَا	لَاتُوْهَبَا	لَاتَهَبَانِّ	لَاتُوْهَبَانِّ	....	....
لَاتَهَبُوْا	لَاتُوْهَبُوْا	لَاتَهَبُنَّ	لَاتُوْهَبُنَّ	لَاتَهَبُنْ	لَاتُوْهَبُنْ
لَاتَهَبِیْ	لَاتُوْهَبِیْ	لَاتَهَبِنَّ	لَاتُوْهَبِنَّ	لَاتَهَبِنْ	لَاتُوْهَبِنْ
لَاتَهَبَا	لَاتُوْهَبَا	لَاتَهَبَانِّ	لَاتُوْهَبَانِّ	....	....
لَاتَهَبْنَ	لَاتُوْهَبْنَ	لَاتَهَبْنَانِّ	لَاتُوْهَبْنَانِّ	....	....
لَااَهَبْ	لَااُوْهَبْ	لَااَهَبَنَّ	لَااُوْهَبَنَّ	لَااَهَبَنْ	لَااُوْهَبَنْ
لَانَهَبْ	لَانُوْهَبْ	لَانَهَبَنَّ	لَانُوْهَبَنَّ	لَانَهَبَنْ	لَانُوْهَبَنْ

(۱) لَایَهَبْ: نہ بخشے وہ ...... لَایُوْهَبْ: نہ بخشا جائے وہ ...... لَایَهَبَنَّ: وہ ہرگز نہ بخشے ...... لَایُوْهَبَنَّ: وہ ہرگز نہ بخشا جائے ...... لَایَهَبَنْ: وہ ہرگز نہ بخشے ...... لَایُوْهَبَنْ: وہ ہرگز نہ بخشا جائے۔

اسم فاعل: وَاهِبٌ، وَاهِبَانِ، وَاهِبُوْنَ ٥ وَاهِبَةٌ، وَاهِبَتَانِ، وَاهِبَاتٌ۔

اسم مفعول: مَوْهُوْبٌ، مَوْهُوْبَانِ، مَوْهُوْبُوْنَ ٥ مَوْهُوْبَةٌ، مَوْهُوْبَتَانِ، مَوْهُوْبَاتٌ۔

اسم ظرف: مَوْهِبٌ، مَوْهِبَانِ، مَوَاهِبُ۔

اسم آلہ: ١- مِيْهَبٌ، مِيْهَبَانِ، مَوَاهِبُ ٢- مِيْهَبَةٌ، مِيْهَبَتَانِ، مَوَاهِبُ ٣- مِيْهَابٌ، مِيْهَابَانِ، مَوَاهِيْبُ۔

اسم تفضیل: اَوْهَبُ، اَوْهَبَانِ، اَوْهَبُوْنَ، اَوَاهِبُ ٥ وُهْبٰى، وُهْبَيَانِ، وُهْبَيَاتٌ، وُهَبٌ۔

تمرین (افعال ذیل سے مختلف گردانیں کریں)

(١) وَضَعَ، يَضَعُ، وَضْعًا: رکھنا......(٢) وَدَعَ، يَدَعُ، وَدْعًا: چھوڑنا (٣) وَقَعَ يَقَعُ، وَقْعًا وَوُقُوْعًا: واقع ہونا، گرنا......(٤) وَلَغَ، يَلَغُ، وُلُوْغًا: درندے کا چاٹنا۔

مثالِ واوی از باب كَرُمَ يَكْرُمُ

اَلْوَسْمُ والْوَسَامَةُ: خوبصورت ہونا

صرف صغیر: وَسُمَ، يَوْسُمُ، وَسْمًا وَوَسَامَةً، فهو وَسِيْمٌ، الامر منہ: اُوْسُمْ، والنهى عنه: لَاتَوْسُمْ، الظرف منہ: مَوْسِمٌ، مَوْسِمَانِ، مَوَاسِمُ، والآلة منہ: مِيْسَمٌ مِيْسَمَانِ، مَوَاسِمُ () وَمِيْسَمَةٌ، مِيْسَمَتَانِ، مَوَاسِمُ () وَمِيْسَامٌ، مِيْسَامَانِ، مَوَاسِيْمُ، اسم التفضيل منہ: اَوْسَمُ، اَوْسَمَانِ، اَوْسَمُوْنَ، اَوَاسِمُ، والمؤنث منہ: وُسْمٰى، وُسْمَيَانِ، وُسْمَيَاتٌ، وُسَمٌ[1]

(١) اس باب کی صرف کبیر: صحیح (كَرُمَ يَكْرُمُ) کی طرح ہے، کسی صیغے میں تعلیل نہیں ہوئی، اور اسم آلہ: مِيْسَمٌ: اصل میں مِوْسَمٌ تھا، واو ساکن غیر مدغم: ماقبل مکسور تھا اس لئے واو کو یاء سے بدل دیا۔

تمرین (درج ذیل افعال سے گردانیں کریں)

(۱) وَثُقَ، يَوْثُقُ، وَثَاقَةً: پائدار اور مضبوط ہونا......(۲) وَشُكَ، يَوْشُكُ، وَشْكًا وَوَشَاكَةً: نزدیک ہونا۔

مثالِ واوی از باب حَسِبَ يَحْسِبُ: الوَرَمُ: سوجنا

صرف صغیر: وَرِمَ، يَرِمُ، وَرَمًا، فهو وَارِمٌ ○ وُرِمَ، يُوْرَمُ، وَرَمًا، فهو مَوْرُوْمٌ ○
الامر منه: رِمْ، والنهى عنه: لاتَرِمْ، الظرف منه: مَوْرِمٌ، والآلة منه: مِيْرَمٌ، ومِيْرَمَةٌ، ومِيْرَامٌ
اسم التفضيل منه: اَوْرَمُ، والمؤنث منه: وُرْمٰى (۱)

تمرین (درج ذیل افعال سے گردانیں کریں)

(۱) وَبِقَ، يَبِقُ، وَبْقًا: ہلاک ہونا......(۲) وَثِقَ، يَثِقُ، ثِقَةً: کسی پر بھروسہ کرنا
(۳) وَرِثَ، يَرِثُ، وِرْثًا: وارث ہونا......(۴) وَرِعَ، يَرِعُ، وَرَعًا: پرہیزگار ہونا۔

مثالِ واوی از ابواب ثلاثی مزید فیہ

۱- باب افعال: الإيجاب: واجب کرنا

اَوْجَبَ، يُوْجِبُ، اِيْجَابًا (۲) فهو مُوْجِبٌ ○ اُوْجِبَ، يُوْجَبُ، اِيْجَابًا، فهو

---

(۱) اس باب کی صرف کبیر وَعَدَ، يَعِدُ، وَعْدًا کی طرح ہوگی، گردان کرتے وقت باب کی حرکت کا خیال رکھیں......يَرِمُ: اصل میں يَوْرِمُ تھا، واو: علامتِ مضارع مفتوح اور عین کلمہ مکسور کے درمیان واقع ہوا، اس لئے اس کو حذف کردیا......رِمْ: اصل میں تَرِمُ تھا، علامتِ مضارع حذف کرنے کے بعد ہمزہ وصل کی ضرورت نہ رہی، رِمْ ہوگیا......مِيْرَمٌ: اصل میں مِوْرَمٌ تھا، واو ساکن غیر مدغم ماقبل مکسور: واو کو یاء سے بدل دیا۔

(۲) اِيْجَابٌ: اصل میں اِوْجَابٌ تھا، واو ساکن غیر مدغم، ماقبل مکسور تھا اس لئے واو کو یاء سے بدل دیا، باقی کوئی تعلیل نہیں ہوئی۔

مُوْجَبٌ، الامر منہ: اَوْجِبْ، والنہی عنہ: لَاتُوْجِبْ، الظرف منہ: مُوْجَبٌ، والآلۃ منہ: مَابِہِ الْإِیْجَابُ، واسم التفضیل منہ: اَشَدُّ اِیْجَابًا

فائدہ: ثلاثی مجرد کے علاوہ ابواب سے: اسم ظرف اسی باب کے اسم مفعول کی طرح آتا ہے۔

۲-باب تفعیل: اَلتَّوْحِیْدُ: ایک جاننا

وَحَّدَ، یُوَحِّدُ، تَوْحِیْدًا، فھو مُوَحِّدٌ () وُحِّدَ، یُوَحَّدُ، تَوْحِیْدًا، فھو مُوَحَّدٌ، الامر منہ: وَحِّدْ، والنہی عنہ: لَاتُوَحِّدْ، الظرف منہ: مُوَحَّدٌ، والآلۃ منہ: مَابِہِ التَّوْحِیْدُ، اسم التفضیل منہ: اَشَدُّ تَوْحِیْدًا۔

۳-باب تفاعل: اَلتَّوَافُقُ: باہم متفق ہونا

تَوَافَقَ، یَتَوَافَقُ، تَوَافُقًا، فھو مُتَوَافِقٌ () تُوُوْفِقَ، یُتَوَافَقُ، تَوَافُقًا، فھو مُتَوَافَقٌ الامر منہ: تَوَافَقْ، والنہی عنہ: لَاتَتَوَافَقْ، الظرف منہ: مُتَوَافَقٌ۔

۴-باب مفاعلہ: اَلْمُوَاظَبَۃُ: کسی کام کی پابندی کرنا

وَاظَبَ، یُوَاظِبُ، مُوَاظَبَۃً، فھو مُوَاظِبٌ () وُوْظِبَ، یُوَاظَبُ، مُوَاظَبَۃً، فھو مُوَاظَبٌ، الامر منہ: وَاظِبْ، والنہی عنہ: لَاتُوَاظِبْ، الظرف منہ: مُوَاظَبٌ (اس باب کی سب گردانیں صحیح کی طرح ہیں)

۵-باب افتعال: اَلْاِتِّقَادُ: آگ کا روشن ہونا

اِتَّقَدَ[1]، یَتَّقِدُ، اِتِّقَادًا، فھو مُتَّقِدٌ () اُتُّقِدَ، یُتَّقَدُ، اِتِّقَادًا، فھو مُتَّقَدٌ، الامر منہ: اِتَّقِدْ، والنہی عنہ: لَاتَتَّقِدْ، الظرف منہ: مُتَّقَدٌ۔

(۱) اِتَّقَدَ: اصل میں اِوْتَقَدَ تھا، واو باب افتعال کے فاکلمہ میں واقع ہوا، اس لئے واو کو تاء کر کے تاء میں ادغام کیا، اس باب میں سب جگہ یہی تعلیل ہوئی ہے

۶-باب استفعال: الاِسْتِیْجَابُ: کسی چیز کا مستحق ہونا

اِسْتَوْجَبَ، یَسْتَوْجِبُ، اِسْتِیْجَابًا[1] فھو مُسْتَوْجِبٌ () اُسْتُوْجِبَ، یُسْتَوْجَبُ اِسْتِیْجَابًا، فھو مُسْتَوْجَبٌ، الامر منہ: اِسْتَوْجِبْ، والنھی عنہ: لَا تَسْتَوْجِبْ۔

۷-باب تَفَعُّلْ: التوقُّد: آگ کا روشن ہونا

تَوَقَّدَ، یَتَوَقَّدُ، تَوَقُّدًا، فھو مُتَوَقِّدٌ () تُوُقِّدَ، یُتَوَقَّدُ، تَوَقُّدًا، فھو مُتَوَقَّدٌ الامر منہ: تَوَقَّدْ، والنھی عنہ: لَا تَتَوَقَّدْ، الظرف منہ: مُتَوَقَّدٌ، والآلۃ منہ: مَابِہٖ التَّوَقُّدُ، واسم التفضیل منہ: اَشَدُّ تَوَقُّدًا۔

تمرین (درج ذیل افعال سے گردانیں کریں)

(۱) اَوْجَزَ، یُوْجِزُ، اِیْجَازًا: بلیغ و مختصر بات کرنا...... (۲) اَوْقَدَ، یُوْقِدُ، اِیْقَادًا: آگ جلانا...... (۳) وَدَّعَ، یُوَدِّعُ، تَوْدِیْعًا: رخصت کرنا...... (۴) وَرَّثَ، یُوَرِّثُ، تَوْرِیْثًا: وارث بنانا...... (۵) تَوَاتَرَ، یَتَوَاتَرُ، تَوَاتُرًا: لگا تار کرنا...... (۶) تَوَاصَلَ، یَتَوَاصَلُ، تَوَاصُلًا: ایک دوسرے سے ملنا...... (۷) وَافَقَ، یُوَافِقُ، مُوَافَقَۃً: کسی سے موافقت کرنا...... (۸) وَاعَدَ، یُوَاعِدُ، مُوَاعَدَۃً: کسی سے وعدہ کرنا...... (۹) اِتَّعَظَ، یَتَّعِظُ، اِتِّعَاظًا: نصیحت قبول کرنا...... (۱۰) اِتَّفَقَ، یَتَّفِقُ، اِتِّفَاقًا: کسی سے اتفاق کرنا...... (۱۱) اِسْتَوْعَبَ، یَسْتَوْعِبُ، اِسْتِیْعَابًا: احاطہ کرنا...... (۱۲) اِسْتَوْھَبَ یَسْتَوْھِبُ، اِسْتِیْھَابًا: بخشش چاہنا...... (۱۳) تَوَسَّخَ، یَتَوَسَّخُ، تَوَسُّخًا: میلا اور گندا ہونا...... (۱۴) تَوَجَّدَ، یَتَوَجَّدُ، تَوَجُّدًا: غمگین ہونا۔

(۱) اِسْتِیْجَابٌ: اصل میں اِسْتِوْجَابٌ تھا، واو ساکن غیر مدغم: اس سے پہلے کسرہ: اس لئے واو کو یاء سے بدل دیا (اس کے علاوہ کوئی تعلیل نہیں ہوئی)

مثالِ یائی کا بیان

مثال یائی: ثلاثی مجرد کے چار بابوں سے آتی ہے: ضرب، سمع، فتح اور کرم سے۔

۱- مثال یائی: از باب ضرب: اَلْیُسْرُ: آسان ہونا، نرم ہونا

یَسَرَ، یَیْسِرُ، یَسْرًا، فھو یَاسِرٌ () یُسِرَ، یُوْسَرُ[1]، یَسْرًا، فھو مَیْسُوْرٌ، الامر منہ: اِیْسِرْ، والنھی عنہ: لَا تَیْسِرْ، الظرف منہ: مَیْسِرٌ، والآلۃ منہ: مِیْسَرٌ، وَمِیْسَرَۃٌ، وَمِیْسَارٌ، اسم التفضیل منہ: اَیْسَرُ، اَیْسَرَانِ، اَیْسَرُوْنَ، اَیَاسِرُ، والمؤنث منہ: یُسْرٰی، یُسْرَیَانِ، یُسْرَیَاتٌ، یُسَرٌ۔

۲- مثال یائی: از باب سمع یسمع: اَلْیُبْسُ والْیُبُوْسَۃُ: خشک ہونا[2]

یَبِسَ، یَیْبَسُ، یُبْسًا وَیُبُوْسَۃً، فھو یَابِسٌ، الامر منہ: اِیْبَسْ، والنھی عنہ: لَاتَیْبَسْ، الظرف منہ: مَیْبَسٌ، والآلۃ منہ: مِیْبَسٌ، وَمِیْبَسَۃٌ، وَمِیْبَاسٌ، اسم التفضیل منہ: اَیْبَسُ، والمؤنث منہ: یُبْسٰی۔

۳- مثال یائی: از فتح یفتح: اَلْیَنْعُ: پھل کا پک کر توڑنے کے قابل ہو جانا

یَنَعَ، یَیْنَعُ، یَنْعًا، فھو یَانِعٌ () یُنِعَ، یُوْنَعُ، یَنْعًا، فھو مَیْنُوْعٌ، الامر منہ: اِیْنَعْ، والنھی عنہ: لَاتَیْنَعْ، الظرف منہ: مَیْنَعٌ، والآلۃ منہ: مِیْنَعٌ، وَمِیْنَعَۃٌ، وَمِیْنَاعٌ، اسم التفضیل منہ: اَیْنَعُ، والمؤنث منہ: یُنْعٰی۔

۴- مثال یائی: از باب کرم یکرم: اَلْیُسْرُ والْیَسَارَۃُ: ہلکا اور آسان ہونا

یَسُرَ، یَیْسُرُ، یُسْرًا وَیَسَارَۃً، فھو یَسِیْرٌ، الامر منہ: اُوْسُرْ[3]، والنھی عنہ: لَاتَیْسُرْ،

---

(۱) یُوْسَرُ: اصل میں یُیْسَرُ (بروزن یُضْرَبُ) تھا، یاء ساکن غیر مدغم، اور ما قبل مضموم اس لئے یاء کو واو سے بدل دیا (باقی کوئی تعلیل نہیں ہوئی) (۲) اس فعل کا مجہول مستعمل ←

الظرف منہ: مَيْسَرٌ، والآلۃ منہ: مِيْسَرٌ، وَمِيْسَرَةٌ، وَمِيْسَارٌ، اسم التفضيل منہ: أَيْسَرُ، والمؤنث منہ: يُسْرىٰ۔

مثال یائی از ابواب ثلاثی مزید فیہ

۱-باب افعال: الإِيْسَارُ: مالدار ہونا

أَيْسَرَ، يُوْسِرُ، إِيْسَارًا، فهو مُوْسِرٌ () أُوْسِرَ، يُوْسَرُ(۱) إِيْسَارًا، فهو مُوْسَرٌ، الامر منہ: أَيْسِرْ، والنہی عنہ: لَاتُوْسِرْ، الظرف منہ: مُوْسَرٌ، والآلۃ منہ: مابہ الإِيْسار، واسم التفضيل منہ: أَشَدُّ إِيْسَارًا۔

۲-باب تفعیل: التَّيْسِيْرُ: آسان کرنا

يَسَّرَ، يُيَسِّرُ، تَيْسِيْرًا، فهو مُيَسِّرٌ () يُسِّرَ يُيَسَّرُ، تَيْسِيْرًا، فهو مُيَسَّرٌ، الامر منہ: يَسِّرْ، والنہی عنہ: لَاتُيَسِّرْ، الظرف منہ: مُيَسَّرٌ۔

۳-باب افتعال: الإِتِّبَاسُ: خشک ہونا

اِتَّبَسَ(۲) يَتَّبِسُ، اِتِّبَاسًا، فهو مُتَّبِسٌ () اُتُّبِسَ، يُتَّبَسُ، اِتِّبَاسًا، فهو مُتَّبَسٌ، الامر منہ: اِتَّبِسْ، والنہی عنہ: لَاتَتَّبِسْ، الظرف منہ: مُتَّبَسٌ۔

← نہیں، اور صرف صغیر وکبیر میں کوئی تعلیل نہیں ہوئی (۳) أُوْسُرُ: اصل میں أُيْسُرُ تھا، یاء ساکن غیر مدغم: ماقبل مضموم: اس لئے یاء کو واو سے بدل دیا۔

(۱) يُوْسَرُ: اصل میں يُيْسَرُ (بروزن يُكْرَمُ) تھا، یاء ساکن غیر مدغم، ماقبل مضموم: اس لئے یاء: واو سے بدل گئی۔ یہی تعلیل مضارع کے تمام مشتقات (نفی تاکید بہ لن، نفی جحد بہ لم، لام تاکید با نون ثقیلہ وخفیفہ، امر ونہی، اسم فاعل اور اسم مفعول) میں ہوگی۔ (۲) اِتَّبَسَ: اصل میں اِيْتَبَسَ تھا، یاء کو تاء کرکے تاء میں ادغام کیا۔

۴-باب استفعال: الِاسْتِیْقَاظُ: بیدار ہونا

اِسْتَیْقَظَ، یَسْتَیْقِظُ، اِسْتِیْقَاظًا، فھو مُسْتَیْقِظٌ()اُسْتُوْقِظَ[1]، یُسْتَیْقَظُ، اسْتِیْقَاظًا، فھو مُسْتَیْقَظٌ، الامر منہ: اسْتَیْقِظْ، والنھی عنہ: لَاتَسْتَیْقِظْ، الظرف منہ: مُسْتَیْقَظٌ۔

۵-باب تَفَعُّل: التَّیَسُّرُ: آسان ہونا

تَیَسَّرَ، یَتَیَسَّرُ، تَیَسُّرًا، فھو مُتَیَسِّرٌ() تُیُسِّرَ، یُتَیَسَّرُ، تَیَسُّرًا، فھو مُتَیَسَّرٌ، الامر منہ: تَیَسَّرْ، والنھی عنہ: لَاتَیَسَّرْ۔

تمرین (افعال ذیل کی گردانیں کریں)

(۱) اَیْقَظَ، یُوْقِظُ، اِیْقَاظًا: جگانا، بیدار کرنا......(۲) تَیَقَّظَ، یَتَیَقَّظُ، تَیَقُّظًا: جاگ جانا، بیدار ہونا......(۳) تَیَمَّمَ، یَتَیَمَّمُ، تَیَمُّمًا: تیمم کرنا، قصد کرنا (۴) اِسْتَیْسَرَ، یَسْتَیْسِرُ، اسْتِیْسَارًا: آسان ہو جانا۔

اجوف کا بیان

اجوف: وہ معتل ہے جس کے عین کلمہ کی جگہ حرف علت ہو، پھر اگر حرف علت واو ہو تو اس کو "اجوف واوی" اور یاء ہو تو اس کو "اجوف یائی" کہتے ہیں، عین کلمہ میں الف اصلی نہیں ہوتا[2]۔

اجوف کی تعلیل کے قاعدے

قاعدہ (۱): جو واو اور یاء متحرک ہوں، اور ان کا ماقبل مفتوح ہو تو ان کو الف سے

---

(۱) اُسْتُوْقِظَ: اصل میں اُسْتُیْقِظَ تھا، یاء ساکن غیر مدغم، ماقبل مضموم: اس لئے یاء کو واو سے بدل دیا (۲) اجوف کے لغوی معنی ہیں: خالی پیٹ، عین کلمہ کا حرف علت کبھی حذف ہو جاتا ہے اس وقت وہ خالی پیٹ رہ جاتا ہے، اس لئے اس کو "اجوف" کہتے ہیں۔

بدل دیتے ہیں، جیسے قَوَلَ سے قَالَ اور بَيَعَ سے بَاعَ (۱)

قاعدہ (۲): اگر ثلاثی مجرد کی ماضی کا عین کلمہ واو ہو، اور وہ اجتماع ساکنین کی وجہ سے گر جائے، اور ماضی مکسور العین نہ ہو تو فاء کلمہ کو ضمہ دیا جاتا ہے، جیسے قَوَلْنَ سے قُلْنَ ...... اور اگر ماضی مکسور العین ہو تو فاء کلمہ کو کسرہ دیا جاتا ہے، جیسے خَوِفْنَ سے خِفْنَ (۲)

قاعدہ (۳): اگر ثلاثی مجرد کی ماضی کا عین کلمہ یاء ہو، اور وہ یاء الف سے بدل کر اجتماع ساکنین کی وجہ سے گر جائے تو فاء کلمہ کو کسرہ دیا جاتا ہے، جیسے بَيَعْنَ سے بِعْنَ (۳)

قاعدہ (۴): اجوف واوی اور یائی میں: اگر ماضی مجہول کے عین کلمہ میں واو یا یاء مکسور ہو، اور ماضی معروف میں تعلیل ہو چکی ہو، تو دونوں کا کسرہ ماقبل کو دیا جاتا ہے (ماقبل کی حرکت دور کرنے کے بعد) پھر اجوف واوی میں: ماقبل کے کسرہ کی وجہ

---

(۱) اگر واو اور یاء ساکن ہوں تو ان کو الف سے نہیں بدلتے، جیسے یَوْمٌ اور لَيْلٌ ...... اسی طرح اگر دونوں متحرک ہوں، مگر ان سے پہلے فتحہ نہ ہو (بلکہ کوئی اور حرکت ہو) تو بھی ان کو الف سے نہیں بدلتے، جیسے صُوَرٌ ...... اور اس قاعدے کے اجراء کے لئے نو شرطیں ہیں یا یہ کہیں کہ نو مانع ہیں، یا یہ کہیں کہ نو صورتیں مستثنیٰ ہیں، مثلاً: واو اور یاء: الفِ تثنیہ سے پہلے ہوں تو وہ الف سے نہیں بدلے جائیں گے ...... یہ نو شرطیں علم الصیغہ وغیرہ میں آئیں گی (۲) قَوَلْنَ میں: واو متحرک: ماقبل مفتوح تھا، اس لئے اس کو الف سے بدلا قَالْنَ ہوا، پھر الف کو اجتماع ساکنین کی وجہ سے گرا دیا، قَلْنَ ہوا، پھر قاف کو ضمہ دیا تاکہ دلالت کرے کہ عین کلمہ سے واو حذف ہوا ہے: قُلْنَ ہوا ...... اور خَوِفْنَ میں بھی: واو متحرک ماقبل مفتوح تھا، اس لئے الف سے بدلا، پھر الف اجتماع ساکنین کی وجہ سے گر گیا، پھر خاء کو کسرہ دیا تاکہ دلالت کرے کہ عین کلمہ مکسور تھا: خِفْنَ ہوا۔ (۳) بَيَعْنَ میں یاء متحرک ماقبل مفتوح تھا، اس لئے یاء کو الف سے بدلا، پھر الف اجتماع ساکنین کی وجہ سے گر گیا، پھر یاء کو کسرہ دیا، تاکہ دلالت کرے کہ یہاں سے یاء حذف ہوئی ہے۔

سے واو کو یاء سے بدل دیتے ہیں۔ جیسے قُوِلَ سے قِیلَ اور اجوف یائی میں یاء قائم رہتی ہے، جیسے بُیِعَ سے بِیْعَ.

قاعدہ (۵): عین کلمہ میں واو یا یاء متحرک ہوں، اور ان کا ماقبل حرف صحیح ساکن ہو، تو واو اور یاء کی حرکت ماقبل کو دیدی جائے گی۔ جیسے یَقْوُلُ سے یَقُوْلُ اور یَبْیِعُ سے یَبِیْعُ۔

قاعدہ (۶): اگر واو اور یاء مفتوح ہوں اور ان کا ماقبل ساکن ہو، تو ان کا فتحہ ماقبل کو دے کر، ان کو الف سے بدل دیتے ہیں، جیسے یُقْوَلُ سے یُقَالُ اور یُبْیَعُ سے یُبَاعُ.

قاعدہ (۷): جو واو اور یاء: الف زائدہ (اسم فاعل کے الف) کے بعد واقع ہوں: ان کو ہمزہ سے بدل دیتے ہیں، جیسے قَاوِلٌ سے قَائِلٌ اور بَایِعٌ سے بَائِعٌ۔

قاعدہ (۸): مصدر میں واو: کسرہ کے بعد واقع ہو، اور اس کے فعل میں تعلیل ہوچکی ہو، تو اس واو کو یاء سے بدل دیتے ہیں، جیسے قَامَ کے مصدر قِوَامًا سے قِیَامًا۔

قاعدہ (۹): باب افعال اور استفعال کے عین کلمہ میں اگر واو یا یاء ہوں تو مصدر میں ان کو الف سے بدل کر، الف کو حذف کر دیتے ہیں، اور اس کے بدل آخر میں تاء زیادہ کر دیتے ہیں، جیسے اِقْوَامٌ سے اِقَامَةٌ اور اِسْتِقْوَامٌ سے اِسْتِقَامَةٌ (۱)

اجوف واوی کا بیان

اجوف واوی: ثلاثی مجرد کے تین بابوں سے آتا ہے: نصر، ضرب اور سمع سے۔

۱- اجوف واوی: از باب نصر: اَلْقَوْلُ: کہنا

صرف صغیر: قَالَ یَقُوْلُ، قَوْلًا، فھو قَائِلٌ () قِیْلَ، یُقَالُ، قَوْلًا، فھو مَقُوْلٌ ()

(۱) یاد رکھنا چاہئے کہ کبھی ایک لفظ کی تعلیل میں متعدد قاعدے جمع ہوتے ہیں، مثلاً مَبِیْعٌ: اصل میں مَبْیُوْعٌ (بروزن مَضْرُوْبٌ) تھا۔ اس میں یاء متحرک اور ماقبل ساکن تھا، اس لئے یاء کی حرکت ماقبل کو دی...... اب دو ساکن جمع ہوئے تو یاء کو گرادیا مَبُوْعٌ ہوا...... پھر باء ←

الامر منہ: قُلْ، والنہی عنہ: لَا تَقُلْ، الظرف منہ: مَقَالٌ، والآلۃ منہ: مِقْوَلٌ، ومِقْوَلَۃٌ، ومِقْوَالٌ
اسم التفضیل منہ: اَقْوَلُ، والمؤنث منہ: قُوْلٰی۔

صرف کبیر

ماضی مثبت معروف: قَالَ(۱)، قَالَا، قَالُوْا () قَالَتْ، قَالَتَا، قُلْنَ(۲) () قُلْتَ، قُلْتُمَا، قُلْتُمْ () قُلْتِ قُلْتُمَا، قُلْتُنَّ () قُلْتُ قُلْنَا۔

ماضی مثبت مجہول: قِیْلَ(۳)، قِیْلَا، قِیْلُوْا () قِیْلَتْ، قِیْلَتَا، قُلْنَ(۴) () قُلْتَ، قُلْتُمَا، قُلْتُمْ () قُلْتِ قُلْتُمَا، قُلْتُنَّ () قُلْتُ، قُلْنَا۔

← کے ضمہ کو کسرہ سے بدلا، تاکہ حذف یاء پر دلالت کرے، پس مَبُوْعٌ ہوا...... پھر واو ساکن: ماقبل مکسور ہوا تو واو کو یاء سے بدل دیا: مَبِیْعٌ ہوا۔

(۱) قَالَ: اصل میں قَوَلَ (بروزن نَصَرَ) تھا، واو متحرک، ماقبل مفتوح: اس لئے واو کو الف سے بدلا (قَالَتَا: تک یہی تعلیل ہوئی ہے) (۲) قُلْنَ: اصل میں قَوَلْنَ (بروزن نَصَرْنَ) تھا، واو متحرک، ماقبل مفتوح: اس لئے واو کو الف سے بدلا: قَالْنَ ہوا، پھر دو ساکن (الف اور لام) جمع ہوئے تو الف کو گرادیا، قَلْنَ ہوا، پھر قاف کے فتحہ کو ضمہ سے بدلا، تاکہ واو محذوف پر دلالت کرے: قُلْنَ ہوا (یہی تعلیل قُلْنَا تک ہوئی ہے) (۳) قِیْلَ: اصل میں قُوِلَ (بروزن نُصِرَ) تھا، واو کا کسرہ نقل کرکے ماقبل کو دیا، ماقبل کی حرکت دور کرنے کے بعد: قِوْلَ ہوا۔ اب واو ساکن ماقبل مکسور ہوا اس لئے واو کو یاء سے بدل دیا (قِیْلَتَا تک یہی تعلیل ہوئی ہے) (۴) قُلْنَ: اصل میں قُوِلْنَ (بروزن نُصِرْنَ) تھا، واو کا کسرہ نقل کرکے ماقبل کو دیا، ماقبل کی حرکت دور کرنے کے بعد، قِوْلْنَ ہوا، پھر واو ساکن ماقبل مکسور ہونے کی وجہ سے واو کو یاء سے بدل دیا تو قِیْلْنَ ہوا، پھر دو ساکن جمع ہوئے، اس لئے یاء کو گرادیا قِلْنَ ہوا، پھر قاف کے کسرہ کو ضمہ سے بدل دیا، تاکہ واو محذوف پر دلالت کرے: قُلْنَ ہوا (یہی تعلیل آخر تک ہوگی) اور ان دو گردانوں میں قُلْنَ سے آخر تک معروف اور مجہول کی شکل ایک ہوگئی ہے۔

ماضی مثبت کے شروع میں مَا اور لَا لگا کر ماضی منفی معروف ومجہول کی گردانیں کریں۔

مضارع مثبت معروف: یَقُوْلُ[1]، یَقُوْلَانِ، یَقُوْلُوْنَ○ تَقُوْلُ، تَقُوْلَانِ، یَقُلْنَ[2]○ تَقُوْلُ، تَقُوْلَانِ، تَقُوْلُوْنَ○ تَقُوْلِیْنَ، تَقُوْلَانِ، تَقُلْنَ○ اَقُوْلُ، نَقُوْلُ۔

مضارع مثبت مجہول: یُقَالُ،[3] یُقَالَانِ، یُقَالُوْنَ○ تُقَالُ، تُقَالَانِ، یُقَلْنَ[4]○ تُقَالُ، تُقَالَانِ، تُقَالُوْنَ○ تُقَالِیْنَ، تُقَالَانِ، تُقَلْنَ○ اُقَالُ، نُقَالُ۔

نفی تاکید بلن معروف[5]: لن یقولَ، لن یقولا، لن یقولوا○ لن تقولَ، لن تقولا، لن یَقُلْنَ○ لن تقولَ، لن تقولا لن تقولوا○ لن تَقُوْلِیْ، لن تقولا، لَنْ تَقُلْنَ○ لن اقولَ، لن نقولَ۔

نفی تاکید بلن مجہول[5]: لن یُقالَ، لن یُقالا، لن یقالوا○لن تقال، لن تقالا،

---

(۱) یَقُوْلُ: اصل میں یَقْوُلُ (بروزن یَنْصُرُ) تھا، واو متحرک: ماقبل حرف صحیح ساکن: اس لئے واو کی حرکت ماقبل کو دی، یَقُوْلُ ہوا (دوصیغوں کے علاوہ سب صیغوں میں یہی تعلیل ہوئی ہے) (۲) یَقُلْنَ: اصل میں یَقْوُلْنَ (بروزن یَنْصُرْنَ) تھا، یَقُوْلُ جیسی تعلیل کی یعنی واو کی حرکت ماقبل کو دی تو یَقُوْلْنَ ہوا، اب دوساکن جمع ہوئے تو واو کو گرادیا، یَقُلْنَ ہوا (یہی تعلیل تَقُلْنَ کی ہے) (۳) یُقَالُ: اصل میں یُقْوَلُ (بروزن یُنْصَرُ) تھا، واو متحرک: ماقبل حرف صحیح ساکن: اس لئے واو کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی: یُقَوْلُ ہوا...... اب دوسرا قاعدہ پایا گیا: واو اصل میں متحرک تھا، اور اس کا ماقبل اب مفتوح ہوا، اس لئے واو کو الف سے بدل دیا، یُقَالُ ہوا (دوصیغوں کے علاوہ سب صیغوں میں یہی تعلیل ہوگی) (۴) یُقَلْنَ: اصل میں یُقْوَلْنَ (بروزن یُنْصَرْنَ) تھا، واو کا فتحہ ماقبل کو دیا اب قاعدہ پایا گیا کہ واو اصل میں متحرک تھا، اور اس کا ماقبل اب مفتوح ہوگیا، اس لئے واو کو الف سے بدل دیا یُقَالْنَ ہوا، اب دوساکن جمع ہوئے، اس لئے الف کو گرادیا (یہی تعلیل تُقَلْنَ کی ہوگی) (۵) ان دونوں گردانوں میں: مضارع معروف ومجہول جیسی تعلیل ہوئی ہے، لن کا عمل یاد رکھیں۔

لن یُقْلَنَ ٥ لن تُقال، لن تقالا، لن تقالوا٥ لن تُقَالِی، لن تقالا، لن تُقْلَنَ ٥ لن اُقَالَ، لن نُقَالَ.

نفی جحد بلم معروف[1]: لم یَقُلْ، لم یقولا، لم یقولوا ٥ لم تَقُلْ، لم تقولا، لم یَقُلْنَ ٥ لم تَقُلْ، لم تقولا، لم تقولوا ٥ لم تَقُوْلِی، لم تقولا، لم تَقُلْنَ ٥ لم اَقُلْ، لم نَقُلْ.

نفی جحد بلم مجہول[2]: لم یُقَلْ، لَمْ یُقالاَ، لم یقالوا ٥ لَمْ تُقَلْ، لم تُقالاَ، لم یُقَلْنَ ٥ لَمْ تُقَلْ، لم تقالا، لم تقالوا ٥ لم تُقَالِی، لم تقالا، لم تُقَلْنَ ٥ لم اُقَلْ، لم نُقَلْ.

لام تاکید بانون ثقیلہ معروف: لَیَقُولَنَّ، لیقولان، لَیقولُنَّ[3] ٥ لتقولَنَّ، لتقولان، لَیَقُلْنَانِّ ٥ لَتقولن، لتقولان، لتقولُنَّ[3] ٥ لتقولِنَّ، لتقولان، لَتَقُلْنَانِّ ٥ لاَقُولَنَّ، لنقولَنَّ۔

لام تاکید بانون ثقیلہ مجہول: لَیُقَالَنَّ، لیقالان، لیقالُنَّ ٥ لتقالَنَّ، لتقالان، لَیُقَلْنَانِّ ٥ لَتُقَالَنَّ، لتقالانِ، لتقالُنَّ ٥ لتقالِنَّ، لتقالان، لَتُقَلْنَانِّ ٥ لاُقَالن، لنقالن۔

لام تاکید بانون خفیفہ معروف: لَیَقُوْلَنْ، لَیَقُوْلُنْ، لَتَقُوْلَنْ، لَتَقُوْلَنْ، لَتَقُوْلُنْ، لَتَقُوْلِنْ،[4] لاَقُوْلَنْ، لَنَقُوْلَنْ۔

لام تاکید بانون خفیفہ مجہول: لَیُقَالَنْ، لَیُقَالُنْ، لَتُقَالَنْ، لَتُقَالَنْ ، لَتُقَالُنْ،

(۱) جن صیغوں میں عین کلمہ سے واو حذف ہوا ہے ان میں یَقُلْنَ جیسی تعلیل ہوئی ہے، اور جن صیغوں میں واو موجود ہے: ان میں یَقُوْلُ جیسی تعلیل ہوئی ہے (۲) جن صیغوں میں الف نہیں ہے: ان میں یُقَلْنَ جیسی تعلیل ہوئی ہے، اور جن صیغوں میں الف موجود ہے: ان میں یُقَالُ جیسی (۳) ان دو صیغوں میں واو اور نون دو ساکن جمع ہوئے تھے، اس لئے واو کو حذف کیا ہے (۴) جمع مذکر حاضر میں واو، اور واحد مؤنث حاضر میں یاء حذف ہوئی ہے۔

لِتُقَالِنْ، لِأُقَالَنْ، لِنُقَالَنْ۔

امر معروف[1]: لِيَقُلْ، لِيَقُوْلَا، لِيَقُوْلُوْا ۞ لِتَقُلْ، لِتَقُوْلَا، لِيَقُلْنَ ۞ قُلْ، قُوْلَا، قُوْلُوْا ۞ قُوْلِیْ، قُوْلَا، قُلْنَ ۞ لِاَقُلْ، لِنَقُلْ۔

امر مجہول[2]: لِيُقَلْ، لِيُقَالَا، لِيُقَالُوْا ۞ لِتُقَلْ، لِتُقَالَا، لِيُقَلْنَ ۞ لِتُقَلْ، لِتُقَالَا، لِتُقَالُوْا ۞ لِتُقَالِیْ، لِتُقَالَا، لِتُقَلْنَ ۞ لِاُقَلْ، لِنُقَلْ۔

امر معروف بانون ثقیلہ: لِيَقُوْلَنَّ، لِيَقُوْلَانِّ، لِيَقُوْلُنَّ ۞ لِتَقُوْلَنَّ، لتقولان، لِيَقُلْنَانِّ ۞ قُوْلَنَّ[3]، قُوْلَانِّ، قُوْلُنَّ ۞ قُوْلِنَّ، قُوْلَانِّ، قُلْنَانِّ[4] ۞ لِاَقُوْلَنَّ، لِنَقُوْلَنَّ۔

امر مجہول بانون ثقیلہ: لِيُقَالَنَّ، لِيُقَالَانِ، ليقالُنَّ ۞ لتقالَنَّ، لتقالان، لِيُقَلْنَانِّ ۞ لِتُقَالَنَّ، لتقالان، لتقالُنَّ ۞ لتقالِنَّ، لتقالان، لِتُقَلْنَانِّ ۞ لِاُقَالَنَّ، لِنُقَالَنَّ۔

امر معروف بانون خفیفہ[5]: لِيَقُوْلَنْ، لِيَقُوْلُنْ، لِتَقُوْلَنْ، قُوْلَنْ، قُوْلُنْ، قُوْلِنْ، لِاَقُوْلَنْ، لِنَقُوْلَنْ۔

امر مجہول بانون خفیفہ[6]: لِيُقَالَنْ، لِيُقَالُنْ، لِتُقَالَنْ، لِتُقَالَنْ، لِتُقَالُنْ، لِتُقَالِنْ،

---

(۱) اس گردان میں جہاں واو حذف ہوا ہے: اس میں يَقُلْنَ جیسی تعلیل ہوئی ہے، اور جہاں واو حذف نہیں ہوا، اس میں يَقُوْلُ جیسی تعلیل ہوئی ہے...... قُلْ: اصل میں اُقْوُلْ (بروزن اُنْصُرْ) تھا، يَقُلْنَ جیسی تعلیل کرنے کے بعد قاف متحرک ہوگیا، اس لئے ہمزۂ وصل کی ضرورت نہ رہی۔ (۲) جن صیغوں میں الف حذف ہوا ہے: ان میں يُقَلْنَ جیسی تعلیل ہوگی۔ اور جن میں الف باقی ہے: ان میں يقال جیسی تعلیل ہوگی (۳) قُوْلَنَّ: اصل میں اُقْوُلَنَّ تھا، يقولُ جیسی تعلیل کرنے کے بعد ہمزہ وصل کی ضرورت نہ رہی (۴) قُلْنَانِّ میں: واو اجتماع ساکنین کی وجہ سے گرگیا ہے (۵) اس گردان میں غائب ومتکلم کے صیغوں میں: امر معروف بانون ثقیلہ جیسی تعلیل ہوگی...... اور حاضر کے صیغوں میں فاء کلمہ متحرک ہوجانے کی وجہ سے ہمزہ وصل کی ضرورت نہ رہی (۶) اس گردان میں امر مجہول بانون ثقیلہ جیسی تعلیل ہوگی۔

لِأُقَالَنْ، لِنُقَالَنْ۔

نہی معروف(۱): لَایَقُلْ، لَایَقُوْلَا، لَایَقُوْلُوْا ○ لَاتَقُلْ، لَاتَقُوْلَا، لَایَقُلْنَ ○ لَاتَقُلْ، لَاتَقُوْلَا، لَاتَقُوْلُوْا ○ لَاتَقُوْلِیْ، لَاتَقُوْلَا، لَاتَقُلْنَ ○ لَااَقُلْ، لَانَقُلْ۔

نہی مجہول(۲): لَایُقَلْ، لَایُقَالَا، لَایُقَالُوْا ○ لَاتُقَلْ، لَاتُقَالَا، لَایُقَلْنَ ○ لَاتُقَلْ، لَاتُقَالَا، لَاتُقَالُوْا ○ لَاتُقَالِیْ، لَاتُقَالَا، لَاتُقَلْنَ ○ لَا اُقَلْ، لَانُقَلْ۔

نہی معروف بانون ثقیلہ(۳): لایقولَنَّ، لایقولانّ، لایقولُنَّ ○ لاتقولَنَّ، لاتقولانّ، لَایَقُلْنَانِّ ○ لاتقولَنَّ، لاتقولانّ، لاتقولُنَّ ○ لاتقولِنَّ، لاتقولانّ، لاتَقُلْنَانِّ ○ لَااَقُوْلَنَّ، لَانَقُوْلَنَّ۔

نہی مجہول بانون ثقیلہ(۴): لَایُقَالَنَّ، لایقالانّ، لَایُقَالُنَّ ○ لاتقالَنَّ، لاتقالانّ، لایُقَلْنَانِّ ○ لاتقالَنَّ، لاتقالانّ، لَاتُقَالُنَّ ○ لاتقالِنَّ، لاتقالانّ، لاتُقَلْنَانِّ ○ لااُقالنّ، لانُقالَنَّ۔

نہی معروف بانون خفیفہ: لَایَقُوْلَنْ، لَایَقُوْلُنْ، لَاتَقُوْلَنْ، لَاتَقُوْلَنْ، لَاتَقُوْلُنْ، لَاتَقُوْلِنْ، لَااَقُوْلَنْ، لَانَقُوْلَنْ۔

نہی مجہول بانون خفیفہ: لَایُقَالَنْ، لَایُقَالُنْ، لَاتُقَالَنْ، لَاتُقَالَنْ، لَاتُقَالُنْ، لَاتُقَالِنْ، لَااُقَالَنْ، لَانُقَالَنْ۔

اسم فاعل: قَائِلٌ،(۵) قَائِلَانِ، قَائِلُوْنَ ○ قَائِلَةٌ، قَائِلَتَانِ، قَائِلَاتٌ۔

اسم مفعول: مَقُوْلٌ،(۶) مَقُوْلَانِ، مَقُوْلُوْنَ ○ مَقُوْلَةٌ، مَقُوْلَتَانِ، مَقُوْلَاتٌ۔

---

(۱) اس گردان میں نفی جحد بہ لم معروف جیسی تعلیل ہوگی (۲) اس گردان میں نفی جحد بہ لم مجہول جیسی تعلیل ہوگی (۳) اس گردان میں: لام تاکید بانون ثقیلہ معروف جیسی تعلیل ہوگی (۴) اس گردان میں: لام تاکید بانون ثقیلہ مجہول جیسی تعلیل ہوگی (۵) قَائِلٌ: اصل میں قَاوِلٌ تھا، واو: الف زائدہ کے بعد واقع ہوا، اس لئے ہمزہ سے بدل دیا (۶) مَقُوْلٌ: اصل میں مَقْوُوْلٌ تھا، یَقُوْلُ جیسی تعلیل کے بعد دو ساکن جمع ہوئے اس لئے ایک واو کو حذف کردیا۔

اسم آلہ: مِقْوَلٌ، مِقْوَلَانِ، مَقَاوِلُ ○ مِقْوَلَةٌ، مِقْوَلَتَانِ، مَقَاوِلُ ○ مِقْوَالٌ، مِقْوَالَانِ، مَقَاوِيْلُ۔

اسم تفضیل: أَقْوَلُ، أَقْوَلَانِ، أَقْوَلُوْنَ، أَقَاوِلُ ○ قُوْلٰی، قُوْلَيَانِ، قُوْلَيَاتٌ، قُوَلٌ۔

تمرین (درج ذیل مصادر کی گردانیں کریں)

(۱) اَلْبَوْلُ: پیشاب کرنا .... (بَائِلٌ - بُلْ - لَاتَبُلْ)

(۲) اَلتَّوْبَةُ: توبہ کرنا، رجوع کرنا .... (تَائِبٌ - تُبْ، لَاتَتُبْ)

(۳) اَلْجُوْعُ: بھوکا ہونا .... (جَائِعٌ - جُعْ - لَاتَجُعْ)

(۴) اَلذَّوْقُ: چکھنا .... (ذَائِقٌ - ذُقْ - لَاتَذُقْ)

(۵) اَلْعَوْدُ: لوٹنا .... (عَائِدٌ - عُدْ - لَاتَعُدْ)

(۶) اَلْقِيَامُ: کھڑا ہونا .... (قَائِمٌ - قُمْ - لَاتَقُمْ)

۲- اجوف واوی: از باب ضَرَبَ: اَلطَّوْحُ: ہلاک ہونا

صرف صغیر: طَاحَ(۱) يَطِيْحُ،(۲) طَوْحًا، فهو طَائِحٌ(۳) ○ طِحْ(۴) يُطَاحُ(۵)

---

(۱) طَاحَ: اصل میں طَوَحَ تھا (جیسے قَالَ: اصل میں قَوَلَ تھا) واو متحرک: ماقبل مفتوح: اس لئے واو کو الف سے بدل دیا (۲) يَطِيْحُ: اصل میں يَطْوِحُ (بروزن يَضْرِبُ) تھا، واو متحرک: ماقبل حرف صحیح ساکن: اس لئے واو کی حرکت ماقبل کو دی: اب واو ساکن: ماقبل مکسور ہوا، اس لئے واو کو یاء سے بدل دیا (۳) طَائِحٌ: اصل میں طَاوِحٌ تھا، واو: الف زائدہ کے بعد واقع ہوا، اس لئے اس کو ہمزہ سے بدل دیا (۴) طِحْ: اصل میں طْوِحْ تھا، واو کا کسرہ نقل کر کے ماقبل کو دیا (ماقبل کی حرکت دور کرنے کے بعد) اب واو ساکن: ماقبل مکسور ہوا تو واو کو یاء سے بدل دیا (۵) يُطَاحُ: اصل میں يُطْوَحُ تھا، واو متحرک: ماقبل حرف صحیح ساکن: اس لئے واو کی حرکت ماقبل کو دی، اب دوسرا قاعدہ پایا گیا: واو اصل میں متحرک تھا، اور اب اس کا ماقبل مفتوح ہو گیا، اس لئے واو کو الف سے بدل دیا۔

طَوْحًا، فہو مَطُوْحٌ(۱) الامر منہ: طِحْ، (۲) والنہی عنہ: لَاتَطِحْ (۳)، الظرف منہ: مَطِيْحٌ (۴)، مَطِيْحَانِ، مَطَاوِحُ والآلۃ منہ: مِطْوَحٌ، مِطْوَحَانِ، مَطَاوِحُ () وَمِطْوَحَةٌ، مِطْوَحَتَانِ مَطَاوِحُ () وَمِطْوَاحٌ، مِطْوَاحَانِ، مَطَاوِيْحُ، اسم التفضیل منہ: اَطْوَحُ، اَطْوَحَانِ، اَطْوَحُوْنَ، اَطَاوِحُ، والمؤنث منہ: طُوْحٰی، طُوْحَيَانِ، طُوْحَيَاتٌ، طُوَحٌ۔

صرف کبیر

نفی تاکید بہ لن مجہول	نفی تاکید بہ لن معروف	مضارع مثبت مجہول	مضارع مثبت معروف	ماضی مثبت مجہول	ماضی مثبت معروف
لن يُّطَاحَ	لَنْ يَّطِيْحَ	يُطَاحُ	يَطِيْحُ	طِيْحَ	طَاحَ (۵)
لن يُطَاحَا	لن يَطِيْحَا	يُطَاحَانِ	يَطِيْحَانِ	طِيْحَا	طَاحَا
لن يُطَاحُوْا	لن يَطِيْحُوْا	يُطَاحُوْنَ	يَطِيْحُوْنَ	طِيْحُوْا	طَاحُوْا
لن تُطَاحَ	لن تَطِيْحَ	تُطَاحُ	تَطِيْحُ	طِيْحَتْ	طَاحَتْ

(۱) مَطُوْحٌ: اصل میں مَطْوُوْحٌ (بروزن مَضْرُوْبٌ) تھا، پہلا واو متحرک اور ماقبل حرف صحیح ساکن: اس لئے واو کی حرکت ماقبل کو دی، اب دو ساکن جمع ہوئے، اس لئے ایک واو کو حذف کر دیا (۲) طِحْ: اصل میں اِطْوِحْ (بروزن اِضْرِبْ) تھا، واو کی حرکت ماقبل کو دی، پھر دو ساکن جمع ہوئے تو واو کو حذف کر دیا، اب ہمزہ وصل کی ضرورت نہ رہی اس لئے اس کو بھی حذف کر دیا (۳) لَاتَطِحْ: اصل میں لَاتَطْوِحْ (بروزن لَاتَضْرِبْ) تھا، واو کی حرکت ماقبل کو دی پھر دو ساکن جمع ہوئے، اس لئے واو کو حذف کر دیا (۴) مَطِيْحٌ: اصل میں مَطْوِحٌ تھا، اس میں يَطِيْحُ جیسی تعلیل ہوئی ہے (۵) طَاحَ: کی جو تعلیل صرف صغیر میں گذری ہے: وہ طَاحَتَا تک ہوگی ...... اور طُحْنَ: اصل میں طَوَحْنَ تھا، واو متحرک: ماقبل مفتوح: اس لئے واو کو الف سے بدل دیا، پھر دو ساکن جمع ہوئے تو الف کو گرا دیا، اور طاء کو ضمہ دیدیا، تاکہ واو محذوف پر دلالت کرے، یہی تعلیل آخر تک ہوگی۔

طَاحَتَا	طِيْحَتَا	تَطِيْحَانِ	تُطَاحَانِ	لن تَطِيْحَا	لن تُطَاحَا
طُحْنَ	طُحْنَ	يَطِحْنَ (۱)	يُطَحْنَ	لن يَطِحْنَ	لم يُطَحْنَ
طُحْتَ	طُحْتَ	تَطِيْحُ	تُطَاحُ	لن تَطِيْحَ	لن تُطَاحَ
طُحْتُمَا	طُحْتُمَا	تَطِيْحَانِ	تُطَاحَانِ	لن تَطِيْحَا	لن تُطَاحَا
طُحْتُمْ	طُحْتُمْ	تَطِيْحُوْنَ	تُطَاحُوْنَ	لن تَطِيْحُوْا	لن تُطَاحُوْا
طُحْتِ	طُحْتِ	تَطِيْحِيْنَ	تُطَاحِيْنَ	لن تَطِيْحِيْ	لن تُطَاحِيْ
طُحْتُمَا	طُحْتُمَا	تَطِيْحَانِ	تُطَاحَانِ	لَنْ تَطِيْحَا	لن تُطَاحَا
طُحْتُنَّ	طُحْتُنَّ	تَطِحْنَ	تُطَحْنَ	لَنْ تَطِحْنَ	لن تُطَحْنَ
طُحْتُ	طُحْتُ	اَطِيْحُ	اُطَاحُ	لن اَطِيْحَ	لن اُطَاحَ
طُحْنَا	طُحْنَا	نَطِيْحُ	نُطَاحُ	لن نَطِيْحَ	لن نُطَاحَ

نفی جحد بہ لم معروف	نفی جحد بہ لم مجہول	لام تاکید بانون ثقیلہ معروف	لام تاکید بانون ثقیلہ مجہول	لام تاکید بانون خفیفہ معروف	لام تاکید بانون خفیفہ مجہول
لم يَطِحْ	لم يُطَحْ	لَيَطِيْحَنَّ	لَيُطَاحَنَّ	لَيَطِيْحَنْ	لَيُطَاحَنْ
لم يَطِيْحَا	لم يُطَاحَا	لَيَطِيْحَانِّ	لَيُطَاحَانِّ	....	....
لم يَطِيْحُوْا	لَمْ يُطَاحُوْا	لَيَطِيْحُنَّ	لَيُطَاحُنَّ	لَيَطِيْحُنْ	لَيُطَاحُنْ
لم تَطِحْ	لم تُطَحْ	لَتَطِيْحَنَّ	لَتُطَاحَنَّ	لَتَطِيْحَنْ	لَتُطَاحَنْ
لم تَطِيْحَا	لم تُطَاحَا	لَتَطِيْحَانِّ	لَتُطَاحَانِّ	....	....
لم يَطِحْنَ	لم يُطَحْنَ	لَيَطِحْنَانِّ	لَيُطَحْنَانِّ	....	....

(۱) يَطِحْنَ: اصل میں يَطْوِحْنَ (بروزن يَضْرِبْنَ) تھا، واو کی حرکت ماقبل کو دی، پھر واو کو یاء سے بدلا، پھر اجتماع ساکنین کی وجہ سے یاء کو حذف کر دیا۔

لم تَطِحْ	لم تُطَحْ	لَتَطِيْحَنَّ	لَتُطَاحَنَّ	لَتَطِيْحَنْ	لَتُطَاحَنْ
لم تَطِيْحَا	لم تُطَاحَا	لَتَطِيْحَانِّ	لَتُطَاحَانِّ	....	....
لم تَطِيْحُوْا	لم تُطَاحُوْا	لَتَطِيْحُنَّ	لَتُطَاحُنَّ	لَتَطِيْحُنْ	لَتُطَاحُنْ
لم تَطِيْحِيْ	لم تُطَاحِيْ	لَتَطِيْحِنَّ	لَتُطَاحِنَّ	لَتَطِيْحِنْ	لَتُطَاحِنْ
لم تَطِيْحَا	لم تُطَاحَا	لَتَطِيْحَانِّ	لَتُطَاحَانِّ	....	....
لم تَطِحْنَ	لم تُطَحْنَ	لَتَطِحْنَانِّ	لَتُطَحْنَانِّ	....	....
لم اَطِحْ	لم اُطَحْ	لَاَطِيْحَنَّ	لَاُطَاحَنَّ	لَاَطِيْحَنْ	لَاُطَاحَنْ
لم نَطِحْ	لم نُطَحْ	لَنَطِيْحَنَّ	لَنُطَاحَنَّ	لَنَطِيْحَنْ	لَنُطَاحَنْ

امر معروف	امر مجہول	امر معروف بانون ثقیلہ	امر مجہول بانون ثقیلہ	امر معروف بانون خفیفہ	امر مجہول بانون خفیفہ
....	....				
لِيَطِحْ	لِيُطَحْ	لِيَطِيْحَنَّ	لِيُطَاحَنَّ	لِيَطِيْحَنْ	لِيُطَاحَنْ
لِيَطِيْحَا	لِيُطَاحَا	لِيَطِيْحَانِّ	لِيُطَاحَانِّ	....	....
لِيَطِيْحُوْا	لِيُطَاحُوْا	لِيَطِيْحُنَّ	لِيُطَاحُنَّ	لِيَطِيْحُنْ	لِيُطَاحُنْ
لِتَطِحْ	لِتُطَحْ	لِتَطِيْحَنَّ	لِتُطَاحَنَّ	لِتَطِيْحَنْ	لِتُطَاحَنْ
لِتَطِيْحَا	لِتُطَاحَا	لِتَطِيْحَانِّ	لِتُطَاحَانِّ	....	....
لِيَطِحْنَ	لِيُطَحْنَ	لِيَطِحْنَانِّ	لِيُطَحْنَانِّ	....	....
طِحْ	لِتُطَحْ	طِيْحَنَّ (۱)	لِتُطَاحَنَّ	طِيْحَنْ	لِتُطَاحَنْ
طِيْحَا	لِتُطَاحَا	طِيْحَانِّ	لِتُطَاحَانِّ	....	....

(۱) طِيْحَنَّ: اصل میں اِطْوِحَنَّ تھا، يَطِيْحُ جیسی تعلیل کے بعد ہمزۂ وصل کی ضرورت نہیں رہی۔

طِيْحُوْا	لِتُطَاحُوْا	طِيْحُنَّ	لِتُطَاحُنَّ	طِيْحُنْ	لِتُطَاحُنْ
طِيْحِیْ	لِتُطَاحِیْ	طِيْحِنَّ	لِتُطَاحِنَّ	طِيْحِنْ	لِتُطَاحِنْ
طِيْحَا	لِتُطَاحَا	طِيْحَانِّ	لِتُطَاحَانِّ	....	....
طِحْنَ	لِتُطَحْنَ	طِحْنَانِّ(۱)	لِتُطَحْنَانِّ	....	....
لِاَطِحْ	لِاُطَحْ	لِاَطِيْحَنَّ	لِاُطَاحَنَّ	لِاَطِيْحَنْ	لِاُطَاحَنْ
لِنَطِحْ	لِنُطَحْ	لِنَطِيْحَنَّ	لِنُطَاحَنَّ	لِنَطِيْحَنْ	لِنُطَاحَنْ

نہی معروف	نہی مجہول	نہی معروف بانون ثقیلہ	نہی مجہول بانون ثقیلہ	نہی معروف بانون خفیفہ	نہی مجہول بانون خفیفہ
لَایَطِحْ	لَایُطَحْ	لَایَطِیْحَنَّ	لَایُطَاحَنَّ	لَایَطِیْحَنْ	لَایُطَاحَنْ
لَایَطِیْحَا	لَایُطَاحَا	لَایَطِیْحَانِّ	لَایُطَاحَانِّ	....	....
لَایَطِیْحُوْا	لَایُطَاحُوْا	لَایَطِیْحُنَّ	لَایُطَاحُنَّ	لَایَطِیْحُنْ	لَایُطَاحُنْ
لَاتَطِحْ	لَاتُطَحْ	لَاتَطِیْحَنَّ	لَاتُطَاحَنَّ	لَاتَطِیْحَنْ	لَاتُطَاحَنْ
لَاتَطِیْحَا	لَاتُطَاحَا	لَاتَطِیْحَانِّ	لَاتُطَاحَانِّ	....	....
لَایَطِحْنَ	لَایُطَحْنَ	لَایَطِحْنَانِّ	لَایُطَحْنَانِّ	....	....
لَاتَطِحْ	لَاتُطَحْ	لَاتَطِیْحَنَّ	لَاتُطَاحَنَّ	لَاتَطِیْحَنْ	لَاتُطَاحَنْ
لَاتَطِیْحَا	لَاتُطَاحَا	لَاتَطِیْحَانِّ	لَاتُطَاحَانِّ	....	....
لَاتَطِیْحُوْا	لَاتُطَاحُوْا	لَاتَطِیْحُنَّ	لَاتُطَاحُنَّ	لَاتَطِیْحُنْ	لَاتُطَاحُنْ
لَاتَطِیْحِیْ	لَاتُطَاحِیْ	لَاتَطِیْحِنَّ	لَاتُطَاحِنَّ	لَاتَطِیْحِنْ	لَاتُطَاحِنْ

(۱) طِحْنَانِّ: میں یاء جو واو سے بدلی ہوئی تھی: اجتماع ساکنین کی وجہ سے گر گئی۔

لَاتَطِیْحَا	لَاتُطَاحَا	لَاتَطِیْحَانِّ	لَاتُطَاحَانِّ	....	....
لَاتَطِحْنَ	لَاتُطَحْنَ	لَاتَطِحْنَانِّ	لَاتُطَحْنَانِّ	....	....
لَااَطِحْ	لَا اُطَحْ	لَااَطِیْحَنَّ	لَا اُطَاحَنَّ	لَااَطِیْحَنْ	لَااُطَاحَنْ
لَانَطِحْ	لَانُطَحْ	لَانَطِیْحَنَّ	لَانُطَاحَنَّ	لَانَطِیْحَنْ	لَانُطَاحَنْ

۳-اجوف واوی: از باب سَمِعَ یَسْمَعُ: الخوف: ڈرنا

صرف صغیر: خَافَ (۱) یَخَافُ، (۲) خَوْفًا، فھو خَائِفٌ () خِیْفَ (۳) یُخَافُ، خَوْفًا، فھو مَخُوْفٌ، (۴) الامر منہ: خَفْ (۵)، والنھی عنہ: لَاتَخَفْ، الظرف منہ: مَخَافٌ (۶) مَخَافَانِ، مَخَاوِفُ، والآلۃ منہ: مِخْوَفٌ، مِخْوَفَانِ، مَخَاوِفُ () ومِخْوَفَۃٌ، مِخْوَفَتَانِ، مَخَاوِفُ () ومِخْوَافٌ، مِخْوَافَانِ، مَخَاوِیْفُ، اسم التفضیل منہ: اَخْوَفُ، اَخْوَفَانِ، اَخْوَفُوْنَ، اَخَاوِفُ، والمؤنث منہ: خُوْفٰی، خُوْفَیَانِ، خُوْفَیَاتٌ، خُوَفٌ۔

---

(۱) خَافَ: اصل میں خَوِفَ (بروزن سَمِعَ) تھا، واو متحرک: ماقبل مفتوح: اس لئے واو کو الف سے بدل دیا (۲) یَخَافُ: اصل میں یَخْوَفُ تھا، واو متحرک: ماقبل حرف صحیح ساکن: اس لئے واو کی حرکت ماقبل کو دی، اب قاعدہ پایا گیا کہ واو اصل میں متحرک تھا، اور اس کا ماقبل اب مفتوح ہوگیا، اس لئے واو کو الف سے بدل دیا۔

(۳) خِیْفَ: اصل میں خُوِفَ تھا، واو پر کسرہ بھاری تھا، اس لئے ماقبل کی حرکت دور کرنے کے بعد واو کا کسرہ خاء کو دیا، اب قاعدہ پایا گیا کہ واو ساکن: ماقبل مکسور: اس لئے واو کو یاء سے بدل دیا۔

(۴) خَائِفٌ میں قَائِلٌ جیسی تعلیل ہوئی ہے، اور مخوف میں مَقُوْلٌ جیسی۔

(۵) خَفْ: اصل میں اِخْوَفْ (بروزن اِسْمَعْ) تھا، واو کی حرکت ماقبل کو دی اور واو کو اجتماع ساکنین کی وجہ سے حذف کردیا، اور ہمزہ وصل کی ضرورت نہ رہی۔

(۶) مَخَافٌ میں مَقَالٌ جیسی تعلیل ہوئی ہے۔

صرف کبیر

ماضی مثبت معروف	ماضی مثبت مجہول	مضارع مثبت معروف	مضارع مثبت مجہول	نفی تاکید بہ لن معروف	نفی تاکید بہ لن مجہول
خَافَ	خِیْفَ	یَخافُ	یُخَافُ (۳)	لن یخافَ	لن یُخافَ
خافا	خِیْفَا	یخافان	یُخافان	لن یخافا	لن یُخافا
خافوا	خِیْفُوْا	یخافون	یخافون	لن یخافوا	لن یخافوا
خافَتْ	خیفتْ	تخاف	تُخاف	لن تخاف	لن تُخاف
خافتا	خیفتا	تخافان	تُخافان	لن تخافا	لن تُخافا
خِفْنَ (۱)	خِفْنَ	یَخَفْنَ (۲)	یُخَفْنَ	لن یَخَفْنَ	لن یُخَفْنَ
خِفْتَ	خفتَ	تخافُ	تُخاف	لن تَخاف	لن تُخاف
خفتما	خفتما	تخافان	تخافان	لن تخافا	لن تخافا
خفتم	خفتم	تخافون	تخافون	لن تخافوا	لن تخافوا
خفتِ	خفتِ	تَخَافِیْنَ	تُخافِیْن	لن تَخَافِیْ	لن تُخَافِیْ
خفتما	خفتما	تخافان	تُخافان	لن تخافا	لن تُخافا

(۱) خِفْنَ: اصل میں خَوِفْنَ تھا، قَالَ جیسی تعلیل کرنے کے بعد، الف: اجتماع ساکنین کی وجہ سے گرگیا، پھر فاءکلمہ کے فتحہ کو کسرہ سے بدل دیا، تاکہ دلالت کرے کہ عین کلمہ مکسور تھا ...... مجہول کی بھی یہی تعلیل ہے

(۲) یَخَفْنَ: اصل میں یَخْوَفْنَ تھا، یُقَالُ جیسی تعلیل کرنے کے بعد، الف: اجتماع ساکنین کی وجہ سے گرگیا

(۳) یُخَافُ میں یُقَالُ جیسی، لَنْ یُخَافَ میں لن یُقالَ جیسی تعلیل ہوگی۔

خِفْتُنَّ	خِفْتُنَّ	تَخَفْنَ	تُخَفْنَ	لن تَخَفْنَ	لن تُخَفْنَ
خِفْتُ	خفتُ	اَخاف	اُخاف	لن اَخاف	لن اُخاف
خِفْنَا	خفنا	نَخاف	نُخاف	لن نخاف	لن نُخاف

نفی جحد بہ لم معروف	نفی جحد بہ لم مجہول	لام تاکید بانون ثقیلہ معروف	لام تاکید بانون ثقیلہ مجہول	لام تاکید بانون خفیفہ معروف	لام تاکید بانون خفیفہ مجہول
لم يَخَفْ	لم يُخَفْ	لَيَخَافَنَّ	لَيُخَافَنَّ	لَيَخَافَنْ	لَيُخَافَنْ
لم يخافا	لم يُخَافا	لَيَخَافَانِّ	ليخافان	....	....
لم يخافوا	لم يخافوا	لَيَخَافُنَّ	ليخافُنَّ	ليخافُنْ	لَيُخَافُنْ
لم تَخَفْ	لم تُخَفْ	لتخافَنَّ	لَتُخَافَنَّ	لتخافَنْ	لَتُخَافَنْ
لم تَخَافَا	لم تُخافا	لتخافان	لتخافان	....	....
لم يَخَفْنَ	لم يُخَفْنَ	لَيَخَفْنَانِّ	لَيُخَفْنَانِّ	....	....
لم تَخَفْ	لم تُخَفْ	لتخافَنَّ	لتخافَنَّ	لتخافَنْ	لَتُخَافَنْ
لم تخافا	لم تُخافا	لَتَخَافَانِّ	لتخافان	....	....
لم تخافوا	لم تخافوا	لتخافُنَّ	لَتُخَافُنَّ	لتخافُنْ	لَتُخَافُنْ
لم تَخَافِي	لم تُخَافِي	لتخافِنَّ	لَتُخَافِنَّ	لتخافِنْ	لَتُخَافِنْ
لم تخافا	لم تُخافا	لتخافان	لتخافان	....	....
لم تَخَفْنَ	لم تُخَفْنَ	لَتَخَفْنَانِّ	لَتُخَفْنَانِّ	....	....
لم اَخَفْ	لم اُخَفْ	لَاَخَافَنَّ	لَاُخَافَنَّ	لَاَخَافَنْ	لَاُخَافَنْ
لم نَخَفْ	لم نُخَفْ	لَنَخَافَنَّ	لَنُخَافَنَّ	لَنَخَافَنْ	لَنُخَافَنْ

امر معروف	امر مجہول	امر معروف بانون ثقیلہ	امر مجہول بانون ثقیلہ	امر معروف بانون خفیفہ	امر مجہول بانون خفیفہ
لِیَخَفْ	لِیُخَفْ	لِیَخَافَنَّ	لِیُخَافَنَّ	لِیَخَافَنْ	لِیُخَافَنْ
لِیَخَافَا	لِیُخَافَا	لِیخافان	لِیُخَافَانِّ	....	....
لِیَخَافُوْا	لِیُخَافُوْا	لیخافُنَّ	لِیُخَافُنَّ	لِیَخَافُنْ	لِیُخَافُنْ
لِتَخَفْ	لِتُخَفْ	لتخافَنَّ	لِتُخَافَنَّ	لِتَخَافَنْ	لِتُخَافَنْ
لِتَخَافَا	لِتُخَافَا	لِتخافان	لِتُخافان	....	....
لِیَخَفْنَ	لِیُخَفْنَ	لِیَخَفْنَانِّ	لِیُخْفَنَانِّ	....	....
خَفْ	لِتُخَفْ	خَافَنَّ	لِتُخَافَنَّ	خَافَنْ	لِتُخَافَنْ
خَافَا	لِتُخَافَا	خَافَانِّ	لِتُخَافَانِّ	....	....
خَافُوْا	لِتُخَافُوْا	خَافُنَّ	لِتُخَافُنَّ	خَافُنْ	لِتُخَافُنْ
خَافِیْ	لِتُخَافِیْ	خَافِنَّ	لِتُخَافِنَّ	خَافِنْ	لِتُخَافِنْ
خَافَا	لِتُخَافَا	خَافَانِّ	لتخافان	....	....
خَفْنَ	لِتُخَفْنَ	خَفْنَانِّ	لِتُخَفْنَانِّ	....	....
لِاَخَفْ	لِاُخَفْ	لِاَخَافَنَّ	لِاُخَافَنَّ	لِاَخَافَنْ	لِاُخَافَنْ
لِنَخَفْ	لِنُخَفْ	لِنَخَافَنَّ	لِنُخَافَنَّ	لِنَخَافَنْ	لِنُخَافَنْ

نہی معروف	نہی مجہول	نہی معروف بانون ثقیلہ	نہی مجہول بانون ثقیلہ	نہی معروف بانون خفیفہ	نہی مجہول بانون خفیفہ
لَایَخَفْ	لَایُخَفْ	لَایَخَافَنَّ	لَایُخَافَنَّ	لَایَخَافَنْ	لَایُخَافَنْ
لَایَخَافَا	لَایُخَافَا	لَایخافان	لَایُخَافَان	....	....

لَا يَخَافُوْا	لَا يُخَافُوْا	لَا يَخَافُنَّ	لَا يُخَافُنَّ	لَا يَخَافُنْ	لَا يُخَافُنْ
لَا تَخَفْ	لَا تُخَفْ	لَا تَخَافَنَّ	لَا تُخَافَنَّ	لَا تَخَافَنْ	لَا تُخَافَنْ
لَا تَخَافَا	لَا تُخَافَا	لَا تَخافان	لَا تُخافان	…………	…………
لَا يَخَفْنَ	لَا يُخَفْنَ	لَا يَخَفْنَانِّ	لَا يُخَفْنَانِّ	…………	…………
لَا تَخَفْ	لَا تُخَفْ	لَا تَخَافَنَّ	لَا تُخَافَنَّ	لَا تَخَافَنْ	لَا تُخَافَنْ
لَا تَخَافَا	لَا تُخَافَا	لَا تَخَافَانِّ	لَا تُخَافَانِّ	…………	…………
لَا تَخَافُوْا	لَا تُخَافُوْا	لَا تَخَافُنَّ	لَا تُخَافُنَّ	لَا تَخَافُنْ	لَا تُخَافُنْ
لَا تَخَافِيْ	لَا تُخَافِيْ	لَا تَخَافِنَّ	لَا تُخَافِنَّ	لَا تَخَافِنْ	لَا تُخَافِنْ
لَا تَخَافَا	لَا تُخَافَا	لَا تَخَافَانِّ	لَا تُخَافَانِّ	…………	…………
لَا تَخَفْنَ	لَا تُخَفْنَ	لَا تَخَفْنَانِّ	لَا تُخَفْنَانِّ	…………	…………
لَا أَخَفْ	لَا أُخَفْ	لَا أَخَافَنَّ	لَا أُخَافَنَّ	لَا أَخَافَنْ	لَا أُخَافَنْ
لَا نَخَفْ	لَا نُخَفْ	لَا نَخَافَنَّ	لَا نُخَافَنَّ	لَا نَخَافَنْ	لَا نُخَافَنْ

اجوف واوی از ابواب ثلاثی مزید فیہ

۱-باب افعال: الإقامة : کھڑا کرنا

أَقَامَ(۱)، يُقِيْمُ(۲)، إِقَامَةً(۳)، فهو مُقِيْمٌ () أُقِيْمَ(۴)، يُقَامُ(۵)، إِقَامَةً، فهو

(۱) أَقَامَ: اصل میں أَقْوَمَ تھا، يُقَالُ جیسی تعلیل ہوئی ہے (۲) يُقِيْمُ: اصل میں يُقْوِمُ تھا، واو کی حرکت ماقبل کو دی، اب واو ساکن غیر مدغم ماقبل مکسور: اس لئے واو کو یاء سے بدل دیا (۳) إِقَامَةٌ: اصل میں إِقْوَامٌ تھا، واو کی حرکت ماقبل کو دی، پھر واو کو الف سے بدلا، پھر الف کو حذف کر کے اس کے عوض میں آخر میں تاء بڑھادی (۴) أُقِيْمَ: اصل میں أُقْوِمَ تھا، اس میں يُقِيْمُ جیسی تعلیل ہوئی ہے (۵) يُقَامُ: اصل میں يُقْوَمُ تھا، اس میں يُقَالُ جیسی تعلیل ہوئی ہے۔

مُقَامٌ(۱)، الامر منہ: اَقِمْ(۲)، والنہی عنہ: لَاتُقِمْ(۳)، الظرف منہ: مُقَامٌ۔

۲-باب تفعیل: التَّصْوِیْرُ: صورت بنانا

صَوَّرَ، یُصَوِّرُ، تَصْوِیْرًا، فھو مُصَوِّرٌ() صُوِّرَ، یُصَوَّرُ، تَصْوِیْرًا، فھو مُصَوَّرٌ

الامر منہ: صَوِّرْ، والنہی عنہ: لَاتُصَوِّرْ، الظرف منہ: مُصَوَّرٌ(۴)۔

۳-باب افتعال: الِاجْتِیَابُ: جنگل طے کرنا

اِجْتَابَ(۵)، یَجْتَابُ(۶)، اجْتِیَابًا(۷)، فھو مُجْتَابٌ(۸) () اُجْتِیْبَ(۹)

یُجْتَابُ، اجْتِیَابًا، فھو مُجْتَابٌ(۸)، الامر منہ: اِجْتَبْ(۱۰)، والنہی عنہ: لَاتَجْتَبْ(۱۱)

الظرف منہ: مُجْتَابٌ۔

---

(۱)مُقَامٌ: اصل میں مُقْوَمٌ تھا، مذکورہ تعلیل ہوئی ہے(۲)اَقِمْ: اصل میں اَقْوِمْ تھا، یُقِیْمُ جیسی تعلیل کرنے کے بعد یاء اجتماع ساکنین کی وجہ سے گرگئی(۳) لَاتُقِمْ: اصل میں لَاتُقْوِمْ تھا، مذکورہ تعلیل ہوئی ہے(۴)اس کی صرف کبیر مثل صحیح کے ہے(۵) اِجْتَابَ: اصل میں اِجْتَوَبَ (بروزن اِجْتَنَبَ) تھا، قَالَ جیسی تعلیل ہوئی ہے۔

(۶)یَجْتَابُ: اصل میں یَجْتَوِبُ تھا، قَالَ جیسی تعلیل ہوئی ہے(۷)اِجْتِیَابُ: اصل میں اِجْتِوَابٌ تھا، مصدر میں واو کسرہ کے بعد واقع ہوا، اور اس کے فعل میں تعلیل ہوچکی ہے، اس لئے واو کو یاء سے بدل دیا۔

(۸)مُجْتَابٌ (اسم فاعل) اصل میں مُجْتَوِبٌ تھا، اور مُجْتَابٌ (اسم مفعول) اصل میں مُجْتَوَبٌ تھا، دونوں میں قَالَ جیسی تعلیل ہوئی، یعنی واو متحرک ماقبل مفتوح: اس لئے واو کو الف سے بدل دیا، اور دونوں ہم شکل ہوگئے۔

(۹)اُجْتِیْبَ: اصل میں اُجْتُوِبَ تھا، اس میں قِیْلَ جیسی تعلیل ہوئی(۱۰)اِجْتَبْ: اصل میں اِجْتَوِبْ تھا، قَالَ جیسی تعلیل کے بعد الف اجتماع ساکنین کی وجہ سے گرگیا۔

(۱۱)لَاتَجْتَبْ: اصل میں لَاتَجْتَوِبْ تھا، امر جیسی تعلیل ہوئی۔

۴-باب استفعال: اَلْاِسْتِقَامَةُ: سیدھا ہونا

اِسْتَقَامَ[۱]، یَسْتَقِیْمُ[۲]، اسْتِقَامَةً[۳]، فھو مُسْتَقِیْمٌ[۴] () اُسْتُقِیْمَ[۵]، یُسْتَقَامُ[۶]، اسْتِقَامَةً، فھو مُسْتَقَامٌ، الامر منہ: اِسْتَقِمْ، والنھی عنہ: لَاتَسْتَقِمْ، الظرف منہ: مُسْتَقَامٌ، والآلۃ منہ: مَابِهِ الْاِسْتِقامةُ، واسم التفضیل منہ: اَشَدُّ اسْتِقَامَةً۔

۵-باب انفعال: اَلْاِنْقِیَادُ: فرمانبردار ہونا

اِنْقَادَ[۷]، یَنْقَادُ، انْقِیَادًا، فھو مُنْقَادٌ () اُنْقِیْدَ[۸]، یُنْقَادُ، انْقِیَادًا[۹]، فھو مُنْقَادٌ، الامر منہ: اِنْقَدْ[۱۰]، والنھی عنہ: لَاتَنْقَدْ، الظرف منہ: مُنْقَادٌ، والآلۃ منہ: ما به الانقیاد،

---

(۱) اِسْتَقَامَ: اصل میں اِسْتَقْوَمَ تھا، اس میں یُقَالُ جیسی تعلیل ہوئی (۲) یَسْتَقِیْمُ: اصل میں یَسْتَقْوِمُ تھا، واو کی حرکت ماقبل کو دی، پھر ماقبل مکسور ہونے کی وجہ سے واو کو یاء سے بدل دیا (۳) اِسْتِقَامَةٌ: اصل میں اِسْتِقْوَامٌ تھا، یُقَالُ جیسی تعلیل کرنے کے بعد، جس واو کو الف سے بدلا تھا: اس کو حذف کر کے آخر میں تاء لے آئے (۴) مُسْتَقِیْمٌ: اصل میں مُسْتَقْوِمٌ تھا، واو کی حرکت ماقبل کو دی، پھر واو کو ماقبل مکسور ہونے کی وجہ سے یاء سے بدل دیا (۵) اُسْتُقِیْمَ: میں مُسْتَقِیْمٌ جیسی تعلیل ہوئی ہے (۶) یُسْتَقَامُ اور مُسْتَقَامٌ میں یُقَالُ جیسی تعلیل ہوئی ہے (۷) اِنْقَادَ: اصل میں اِنْقَوَدَ، یَنْقَادُ: اصل میں یَنْقَوِدُ، مُنْقَادٌ (اسم فاعل) اصل میں مُنْقَوِدٌ، یُنْقَادُ: اصل میں یُنْقَوَدُ، مُنْقَادٌ (اسم مفعول) اصل میں مُنْقَوَدٌ تھے، سب میں قَالَ جیسی تعلیل ہوئی، یعنی واو متحرک: ماقبل مفتوح: اس لئے واو کو الف سے بدل دیا (۸) اُنْقِیْدَ: اصل میں اُنْقُوِدَ تھا: اس میں قِیْلَ جیسی تعلیل ہوئی ہے (۹) اِنْقِیَادٌ: اصل میں اِنْقِوَادٌ تھا: مصدر میں واو کسرہ کے بعد واقع ہوا، اور اس کے فعل میں تعلیل ہو چکی ہے اس لئے واو کو یاء سے بدل دیا (۱۰) اِنْقَدْ: اصل میں اِنْقَوِدْ تھا، قَالَ جیسی تعلیل کے بعد، الف جو واو سے بدلا ہوا تھا، اجتماع ساکنین کی وجہ سے گر گیا، یہی تعلیل: لَاتَنْقَدْ میں ہوگی، اس کی اصل لَاتَنْقَوِدْ ہے۔

واسم التفضیل منہ: اَشَدُّ انْقِیَادًا۔

٦- باب مفاعلہ: المُطَاوَعَةُ: ہم نوا ہونا، فرمانبرداری کرنا

طَاوَعَ، يُطَاوِعُ، مُطَاوَعَةً، فهو مُطَاوِعٌ ○ طُوْوِعَ، يُطَاوَعُ، مُطَاوَعَةً، فهو مُطَاوَعٌ، الامر منہ: طَاوِعْ، والنهي عنہ: لَاتُطَاوِعْ۔

٧- باب تفاعل: التَّشَاوُرُ: باہم مشورہ کرنا

تَشَاوَرَ، يَتَشَاوَرُ، تَشَاوُرًا، فهو مُتَشَاوِرٌ ○ تُشُوْوِرَ، يُتَشَاوَرُ، تَشَاوُرًا، فهو مُتَشَاوَرٌ، الامر منہ: تَشَاوَرْ، والنهي عنہ: لَاتَتَشَاوَرْ۔

٨- باب تفعّل: التَّزَوُّجُ: نکاح کرنا

تَزَوَّجَ، يَتَزَوَّجُ، تَزَوُّجًا، فهو مُتَزَوِّجٌ ○ تُزُوِّجَ، يُتَزَوَّجُ، تَزَوُّجًا، فهو مُتَزَوَّجٌ، الامر منہ: تَزَوَّجْ، والنهي عنہ: لَاتَتَزَوَّجْ(۱)

اجوف یائی کا بیان

اگر عین کلمہ کی جگہ یاء ہو تو اس کو "اجوف یائی" کہتے ہیں۔ اجوف یائی: ثلاثی مجرد کے تین بابوں سے آتی ہے: ضرب، سمع اور نصر سے۔

١- اجوف یائی: از باب ضرب: اَلْبَيْعُ: بیچنا

صرف صغیر: بَاعَ(۲)، يَبِيْعُ(۳)، بَيْعًا، فهو بَائِعٌ(۴) ○ بِيْعَ(۵) يُبَاعُ(۶)، بَيْعًا

(۱) آخری تین بابوں کی صرف کبیر: صحیح کی طرح ہے (۲) بَاعَ: اصل میں بَيَعَ (بروزن ضرب) تھا، یاء متحرک: ماقبل مفتوح: اس لئے یاء کو الف سے بدل دیا (۳) يَبِيْعُ: اصل میں يَبْيِعُ تھا (بروزن يَضْرِبُ) یاء متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن اس لئے یاء کی حرکت ماقبل کو دیدی (۴) بَائِعٌ: اصل میں بَايِعٌ تھا، یاء الف زائدہ کے بعد واقع ہوئی، اس لئے یاء کو الف سے بدل دیا (۵) بِيْعَ: اصل میں بُيِعَ تھا، یاء کا کسرہ نقل کر کے ماقبل کو دیا (ماقبل کی ←

فهو مَبِيْعٌ (١)، الامر منہ: بِعْ (٢)، والنهی عنہ: لَاتَبِعْ (٣)، الظرف منہ: مَبِيْعٌ (٤)، مَبِيْعَانِ، مَبَايِعُ، والآلۃ منہ: مِبْيَعٌ، مِبْيَعَانِ، مَبَايِعُ () وَمِبْيَعَةٌ، مِبْيَعَتَانِ، مَبَايِعُ () وَمِبْيَاعٌ، مِبْيَاعَانِ، مَبَايِيْعُ () اسم التفضیل منہ: اَبْيَعُ (٥)، اَبْيَعَانِ، اَبْيَعُوْنَ، اَبَايِعُ، والمؤنث منہ: بُوْعٰى (٦) بُوْعَيَانِ، بُوْعَيَاتٌ، بُيَعٌ۔

صرف کبیر

ماضی مثبت معروف	ماضی مثبت مجہول	مضارع مثبت معروف	مضارع مثبت مجہول	نفی تاکید بہ لن معروف	نفی تاکید بہ لن مجہول
بَاعَ	بِيْعَ	يَبِيْعُ	يُبَاعُ	لن يَبِيْعَ	لن يُبَاعَ
باعا	بِيْعَا	يَبِيْعَانِ	يُبَاعَانِ	لن يبيعا	لن يُباعا

← حرکت دور کرنے کے بعد) بِيْعَ ہوا (٧) يُبَاعُ: اصل میں يُبْيَعُ تھا، یاء متحرک ماقبل ساکن تھا اس لئے یاء کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی، اب قاعدہ پایا گیا کہ یاء اصل میں متحرک تھی، اور اس کا ماقبل اب مفتوح ہو گیا، اسلئے یاء کو الف سے بدل دیا۔

